Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ عوام کی بے ساختہ للکار ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف: محمد فیصل ندیم

جلد 13 | منگل، 2 اگست 2022ء، 3 محرم الحرام 1444ھ، 18 ساون 2079 بم، قیمت 20 روپے | شمارہ 100

عدالت پشت پر تھی تبھی شفاف الیکشن ہوئے: چیف جسٹس

عدالت نے کسی ادارے کے کام میں مداخلت نہیں کی، اداروں کا کام انہی سے کروائیں گے، پنجاب کے حالیہ الیکشن میں بھی یہی کیا

جرمانے عائد کرنا متعلقہ ادارے کا کام تھا، ہمارا نہیں، آپ خود سوئے رہے اور ہمیں کہہ رہے ہیں جاگ جائیں، چیف جسٹس عمر عطا بندیال

اسلام آباد (اے ایف پی) چیف جسٹس آف پاکستان جسٹس عمر عطا بندیال نے خیبر یونیورسٹی کی جانب سے اپیل کی سماعت میں ریمارکس دیئے ہیں کہ عدالت اداروں کی پشت پر کھڑی تھی، اس اقدام کے نتیجے میں شفاف اور غیر جانبدار الیکشن کا انعقاد ہوا۔ پیر کو سپریم کورٹ میں درخواست کی سماعت کرتے ہوئے چیف جسٹس عمر عطا بندیال نے کہا کہ عدالت اداروں کا کام نہیں کرے گی، اداروں کا کام انہی سے کروائیں گے۔ عدالت نے پنجاب کے حالیہ الیکشن میں بھی یہی کیا۔ عدالت نے کسی ادارے کے کام میں مداخلت نہیں کی۔ عدالت اداروں کی پشت پر کھڑی تھی۔ اس اقدام کے نتیجے میں شفاف اور غیر جانبدار الیکشن کا انعقاد ہوا۔ میڈیکل کی طالبہ کی تعلیم مکمل ہونے کے بعد داخلہ منسوخ کیے جانے سے متعلق کیس کی سماعت کے دوران عدالت نے کہا کہ خیبر میڈیکل یونیورسٹی کی طالبہ رخسانہ بنگش نے میڈیکل سال دوم کا امتحان پانچویں کوشش میں پاس کیا تھا، جب کہ طالبہ نے باقی سالوں کا امتحان بھی سپلیمنٹری میں (بقیہ نمبر 47)

ملک کو بحرانوں سے نکال کر دم لیں گے' رانا تنویر حسین

ریاستی ادارے اپنی مقررہ آئینی حدود میں کام کریں' وفاقی وزیر تعلیم

نارنگ منڈی (این این آئی) وفاقی وزیر تعلیم رانا تنویر حسین نے کہا ہے کہ جمہوری نظام کا چلتے رہنا از حد ضروری ہے، ریاستی ادارے اپنی مقررہ آئینی حدود میں کام کریں، پارلیمنٹ کی بالادستی وقت کی ضرورت ہے۔ انہوں نے مختلف وفود سے ملاقات میں (بقیہ نمبر 48)

چیف الیکشن کمشنر کیخلاف ریفرنس پر کام ہو رہا ہے

ہمیں یہ الیکشن کمیشن نہیں چاہیے، منصفانہ وشفاف انتخابات ہونے چاہئیں' بابر اعوان

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی رہنما بابر اعوان نے کہا ہے کہ چیف الیکشن کمشنر سکندر سلطان راجہ کے خلاف ریفرنس پر کام ہو رہا ہے، ہمیں یہ الیکشن کمیشن نہیں چاہیے، منصفانہ وشفاف انتخابات ہونے چاہئیں۔

ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نیب نے استعفیٰ دے دیا

بعض حالات کی وجہ سے نیب کے ساتھ کام نہیں کر سکتا' استعفے کا متن

لاہور (این این آئی) قومی احتساب بیورو (نیب) کے ڈپٹی پراسیکیوٹر جنرل نیب نے استعفیٰ دے دیا۔ چوہدری خلیق الزمان کا کہنا ہے کہ موجودہ دور میں نیب کیساتھ کام کرنا مشکل ہوگیا ہے۔ خلیق الزمان کا اپنا استعفیٰ چیئرمین نیب کو بھجوادیا ہے۔

مردم شماری شفاف اور درست انداز میں ہونی چاہیے

چھٹی مردم شماری میں سندھ کی آبادی کم دکھائی گئی تھی لیکن اس بار مانیٹرنگ کمیٹی بنائی گئی' مراد علی شاہ

کراچی (اے ایف پی) وزیراعلی سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ صوبے بھر میں مردم شماری شفاف اور درست انداز میں ہونی چاہیے۔ وزیراعلی سندھ نے کہا کہ چھٹی مردم شماری میں سندھ کی آبادی کم دکھائی گئی تھی لیکن اس بار مانیٹرنگ کمیٹی بنائی گئی

جاں بحق افراد کے ورثاء کو 20 لاکھ روپے ادا کئے جائینگے' امدادی کیمپوں میں کھانا فراہم نہ کرنے والا عملہ معطل

سیلاب متاثرین کو فوری معاوضے دینے کا حکم

جزوی یا مکمل تباہ مکانوں کا معاوضہ بڑھا کر 5 لاکھ روپے کردیا، این ایچ اے کی کوششیں قابل تحسین، میڈیکل کیمپوں کا جال پھیلایا جائے، مخیر حضرات بھی آگے آئیں

چیلنج بڑا لیکن ملکر مقابلہ کریں گے، غیر معمولی بارشوں سے بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں، جب تک آخری گھر آباد نہیں ہوتا، چین سے نہیں بیٹھیں گے ہباز شریف

بلوچستان میں ماضی کے مقابلے میں 500 فیصد بارشیں زیادہ ہوئیں، 30 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا، 136 اموات، 70 افراد زخمی ہوئے، چیف سیکریٹری کی بریفنگ

کوئٹہ (اے ایف پی) وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف نے بلوچستان میں سیلاب اور بارش سے جاں بحق افراد کے لواحقین کو 24 گھنٹے کے اندر معاوضہ ادا کرنے کا حکم دیتے ہوئے جزوی یا مکمل تباہ مکانوں کا معاوضہ بڑھا کر 5 لاکھ روپے کردیا، وزیراعظم نے کہا کہ چیلنج بڑا ہے لیکن مل کر مقابلہ کریں گے، میڈیکل کیمپوں کا جال پھیلایا جائے، غیر معمولی بارشوں سے بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں، صوبے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان کیساتھ انفراسٹرکچر تباہ ہوا ہے تاہم وفاق اور بلوچستان حکومت بحالی اور آباد کاری کیلئے پرعزم ہیں، جب تک آخری گھر آباد نہیں ہوتا، چین سے نہیں بیٹھیں گے، اس سلسلے میں مخیر حضرات بھی آگے آئیں۔ پیر کی صبح کوئٹہ (بقیہ نمبر 41)

وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف کو کوئٹہ ایئرپورٹ پر چیف سیکرٹری بلوچستان عبدالعزیز بلوچستان میں سیلاب کی تباہ کاریوں سے متعلق بریفنگ دے رہے ہیں

42 افسروں کی گریڈ 18 میں ریگولر بنیادوں پر ترقی

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے 42 افسروں کو گریڈ 18 میں ریگولر بنیادوں پر ترقی دے کر موجودہ جائے تعیناتی پر کام جاری رکھنے کی ہدایت جبکہ 4 افسران کے تقرر و تبادلے کے احکامات جاری کر دیئے ۔(بقیہ نمبر 54)

جامعہ اشرفیہ لاہور میں حضرت عمر فاروقؓ کے یوم شہادت پر سیمینار کا انعقاد

سیدنا عمرؓ کا کردار و کارنامے قیامت تک آنے والے لوگوں کے لیے مشعل راہ ہیں

لاہور (این این آئی) جامعہ اشرفیہ لاہور میں خلیفہ دوم سیدنا عمر فاروقؓ کے یوم شہادت اور اسلامی ہجری سال کے آغاز کے حوالہ سے سیمینار منعقد ہوا جس میں اساتذہ، علماء اور طلباء نے شرکت کی سیمینار سے علماء نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ یکم محرم الحرام خلیفہ دوم، مراد رسول ﷺ، امام عدل و حریت سیدنا حضرت عمر فاروقؓ کا یوم شہادت بھی ہے

مہنگائی کی شرح بڑھ کر 24.9 فیصد ہوگئی

جولائی میں شہری علاقوں میں مہنگائی 4.47 فیصد اور دیہی علاقوں میں 4.17 فیصد بڑھی

گزشتہ ماہ جولائی میں چکن 3.02 فیصد، پھل 7.11 اور ٹماٹر 12.46 فیصد سستے ہوئے، مہنگائی کے اعداد وشمار جاری

اسلام آباد (این این آئی) ادارہ شماریات نے ماہانہ بنیادوں پر مہنگائی کے اعداد وشمار جاری کردیئے جس کے مطابق مہنگائی کی شرح بڑھ کر 24.9 فیصد ہوگئی۔ ادارہ شماریات کی رپورٹ کے مطابق جولائی میں ماہانہ بیناد پر مہنگائی کی شرح میں 4.3 فیصد اضافہ ہوا اور گزشتہ ماہ مہنگائی کی شرح بڑھ کر 24.9 فیصد ہو گئی۔ رپورٹ کے مطابق جولائی میں شہری علاقوں میں مہنگائی (بقیہ نمبر 33)

قلعہ سیف اللہ' وزیراعظم میاں محمد شہباز شریف سیلاب متاثرین سے اظہار یکجہتی کر رہے ہیں

پاک آرمی اور پی ایل اے برادران آرمز ثابت ہوئے ہیں، آرمی چیف

سربراہ پاک فوج کی چین کے دفاع، سلامتی اور قومی تعمیر میں پیپلز لبریشن آرمی کے کردار کی تعریف

پاکستان اور چین میں برادرانہ تعلقات ہیں اور دونوں ممالک اسٹریٹجک شراکت دار ہیں، چینی سفیر کی گفتگو

راولپنڈی (این این آئی) آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا ہے کہ پاک اور چین کی افواج برادرز ان آرمز ثابت ہوئے ہیں۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ آئی ایس پی آر کے مطابق چین کی پیپلز لبریشن آرمی (پی ایل اے) کے قیام کی 95 ویں سالگرہ کی مناسبت سے جی ایچ کیو میں تقریب کا اہتمام کیا گیا جس کے مہمان خصوصی آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ تھے۔ آئی ایس (بقیہ نمبر 49)

ملتان روڈ سٹاپ پر خوفناک حادثہ میں دو خواتین جاں بحق

موٹر سائیکل سوار نے دونوں خواتین کو ٹکر ماری جو زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے جاں بحق ہوگئیں

چوہنگ (این این آئی) ملتان روڈ سٹاپ پر خوفناک حادثہ تیز رفتار ٹرالر نے دو خواتین کو کچل کر موٹر سائیکل سوار کو ٹکر ماردی دونوں خواتین موقع پر ہلاک جبکہ موٹر (بقیہ نمبر 34)

رحیم یار خان' گرمیوں کی چھٹیاں ختم ہوتے ہی سکول کھلنے پر پہلے ہی دن نرسری کلاس میں آٹھ فٹ لمبا سانپ راستہ بھول کر گھس آیا' ریسکیو اہلکار نے سانپ پکڑ کر قریبی فصلوں میں چھوڑ دیا

پی ٹی آئی کے استعفوں کی ٹکڑوں میں منظوری، ہائی کورٹ میں چیلنج

ساڑھے 3 ماہ بعد مرضی کے 11 استعفے منظور کیے گئے، یہ جو تماشا لگایا گیا ہے، ہم اس کے خلاف آئے ہیں، اسد عمر

پی ٹی آئی ارکان کے استعفوں کی منظوری کا دوسرا مرحلہ رواں ہفتے سے شروع کرنے کا فیصلہ، سپیکر قانونی ماہرین سے مشاورت کرینگے

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف نے اپنے ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں کی ٹکڑوں میں منظوری اسلام آباد ہائی کورٹ میں چیلنج کردی۔ اسپیکر قومی اسمبلی کی جانب سے پی ٹی آئی ارکان قومی اسمبلی کے استعفوں کی مرحلہ وار منظوری کے خلاف باضابطہ درخواست پی ٹی آئی رہنما اسد عمر نے دائر کی۔ اس موقع پر انہوں نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ الیکشن کمیشن کے اوپر بڑا ریفرنس دائر کرنے جا رہے ہیں، الیکشن کمیشن سیاسی فریق بن چکا ہے، جو ہمیں قابل قبول نہیں۔ عدالت کے باہر گفتگو کرتے ہوئے اسد عمر نے (بقیہ نمبر 43)

پی پی پی کی چیئرمین سینیٹ کے عہدہ پر نظر، گیلانی کو ٹاسک دیدیا گیا

اسلام آباد (بیورو چیف) پیپلز پارٹی نے حکمران اتحاد کی حلیف جماعتوں کے تعاون سے چیئرمین سینٹ کے عہدہ پر نظریں جمالی ہیں اور اب آصف علی زرداری کا اگلا ہدف سید یوسف رضا گیلانی کو چیئرمین سینٹ بنوانا ہے۔ ذرائع کے مطابق آصف علی زرداری نے یوسف رضا گیلانی کو گرین سگنل دیدیا ہے کہ وہ چیئرمین سینٹ کے اہم آئینی عہدہ کے حصول کیلئے ممبران سینٹ میں لابنگ شروع کردیں

پیپلز پارٹی سیاسی امور کی انچارج و رکن قومی اسمبلی فریال تالپور سے فیصل ممتاز ملاقات کر رہے ہیں

گھڑی تک نہ چھوڑنے والے کو صادق اور امین نہیں کہہ سکتے، جاوید لطیف

لاہور (اے ایف پی) وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا ہے کہ عمران خان کا 18 سے 25 سال کے نوجوان کو گمراہ کرنے میں کردار ہے، گھڑی تک نہ چھوڑنے والے کو صادق اور امین نہیں کہہ سکتے۔ ایک بیان میں پاکستان مسلم لیگ ن کے سینئر رہنما اور وفاقی وزیر میاں جاوید لطیف نے کہا کہ گزشتہ کئی (بقیہ نمبر 36)

قصور' ڈپٹی کمشنر فیاض احمد موہل ضلع کونسل ہال میں ریونیو عوامی خدمت سروسز میں شہریوں کے مسائل سن رہے ہیں

عوام نے (ن) کو مسترد کر کے عمران خان کے بیانئے کو تقویت دی' سبطین خان

سپیکر پنجاب اسمبلی سے سابق وزیراعلی پنجاب منظور احمد خاں وٹو کی ملاقات

لاہور (این این آئی) سپیکر پنجاب اسمبلی محمد سبطین خان سے سابق وزیراعلی پنجاب میاں منظور احمد خاں وٹو نے سپیکر چیمبر میں ملاقات کی اور انہیں سپیکر پنجاب اسمبلی منتخب ہونے پر مبارکباد دی ۔ ملاقات میں موجودہ سیاسی صورتحال سمیت باہمی (بقیہ نمبر 35)

آئی ایم ایف قرض کے اجرا کا عمل رواں ہفتے شروع ہونے کا امکان

13 جولائی کو آئی ایم ایف نے ای ایف ایف کیلئے مشترکہ ساتویں اور آٹھویں جائزوں پر عملے کی سطح پر ایک معاہدہ کیا، رپورٹ

اگر تکنیکی طور پر آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کو 6 اگست تک سفارشات بھیجی جاتی ہیں تو بورڈ کا اجلاس 20 اگست سے پہلے ہوسکتا ہے

اسلام آباد (این این آئی) عالمی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) ممکنہ طور پر اس ہفتے کے آخر میں پاکستان کے لیے 6 ارب ڈالر کے قرضہ پروگرام کی ساتویں اور آٹھویں قسط جاری کرنے کا عمل شروع کرے گا۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف کی موسم گرما کی چھٹیاں 12 اگست کو ختم ہو رہی ہیں لہذا اگر تکنیکی طور پر آئی ایم ایف کے ایگزیکٹو بورڈ کو 6 اگست تک سفارشات بھیجی جاتی ہیں تو بورڈ کا اجلاس 20 اگست (بقیہ نمبر 51)

کیا لاپتا کیس، درخواست پر وفاقی حکومت کو نوٹس جاری

جبری گمشدگی کی ایف آئی آر درج ہوچکی ہے اس لئے بازیابی تک کفالت کا حکم دیا جائے

کراچی (اے ایف بی) سندھ ہائیکورٹ نے لاپتا افراد کیسز میں اہل خانہ کی کفالت سے متعلق درخواست پر وفاقی حکومت کو نوٹس جاری کردیا۔ سوموار کو عدالت (بقیہ نمبر 44)

چوہدری شجاعت کا الیکشن کمیشن سے رجوع کرنے کا فیصلہ

شجاعت حسین نے مسلم لیگ (ق) کے مستقبل کے حوالے سے قریبی رفقاء سے مشاورت شروع کر دی

پارٹی کے لئے ہماری قربانیوں کو نظر انداز کیا گیا، مشاورت کے دوران موجودہ سیاسی صورتحال پر اہم فیصلے کئے گئے

لاہور (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ق) کے سینئر مرکزی رہنما چودھری شجاعت حسین نے پارٹی صدارت سے فراغت کے معاملے پر الیکشن کمیشن سے رجوع کرنے کا فیصلہ کر لیا۔ ذرائع مسلم لیگ (ق) کے مطابق چودھری سالک حسین کا کہنا ہے کہ پارٹی ہماری ہے، تھی اور رہے گی، کامل علی آغا کو بتائیں گے کس کی دماغی حالت ٹھیک نہیں۔ دریں اثنا چودھری شجاعت حسین (بقیہ نمبر 37)

مردان، کچے مکان کی چھت گرنے سے 3 افراد جاں بحق، 4 زخمی

پشاور (اے ایف بی)) مردان کے علاقے مدے بابا سپینہ تھانہ میں بارش کے باعث کچے مکان کی چھت گرنے سے 2 خواتین سمیت 3 افراد جاں بحق جبکہ 4 زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 مردان کو اطلاع موصول ہونے پر ریسکیو ایمبولینس، ڈیزاسٹر ویکل (بقیہ نمبر 57)

انٹر بینک میں ڈالر سستا ہوگیا، سٹاک مارکیٹ میں تیزی

12 پیسے سستا ہونے کے بعد ڈالر 239 روپے 25 پیسے کا ہوگیا

کراچی (اے ایف بی) انٹر بینک میں ڈالر سستا ہوگیا، انٹر بینک میں ڈالر 12 پیسے سستا ہونے کے بعد 239 روپے 25 پیسے کا ہوگیا۔ دوسری جانب اوپن مارکیٹ میں اب سے کچھ دیر پہلے تک ڈالر 4 روپے 50 پیسے سستا ہوکر 243 روپے (بقیہ نمبر 45)

شاہ شمس انٹرچینج پر بس ٹرالر سے جا ٹکرائی، سکیورٹی گارڈ جاں بحق

ملتان (اے ایف بی)) شاہ شمس انٹرچینج موٹروے پر بس اور ٹرالر میں تصادم کے نتیجے میں بس سکیورٹی گارڈ جاں بحق جبکہ دس مسافر زخمی ہوگئے۔ ریسکیو 1122 کے مطابق مانسہرہ سے مسافر بس سکھر کی طرف جارہی تھی کہ شاہ شمس انٹرچینج پر بس ڈرائیور کو نیند آگئی اور بس بے قابو ہوکر آگے جانے والے ٹرالر سے جاٹکرائی جس کے نتیجے میں بس کا سکیورٹی گارڈ سعید موقع پر جاں بحق ہوگیا جبکہ 10 مسافر شہناز بی بی، سونیا، شمیم، نسیم شاہ، فدا حسین، عمران، شبیر، آصف، فضل الرحمن اور شہزاد معمولی زخمی ہوگئے۔

تاجروں کا بجلی بلوں میں سیلز ٹیکس کیخلاف ملک گیر ہڑتال کا اعلان

تاجر پہلے ہی ایڈوانس ٹیکس، ایکسٹرا ٹیکس، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ ادا کر رہا ہے

اسلام آباد (اے ایف بی): تاجروں نے بجلی کے بلوں میں ٹیکس عائد کیے جانے کے خلاف ملک گیر ہڑتال کا اعلان کرتے ہوئے کہا ہے کہ پاکستان کا تاجر سیلز ٹیکس لگے بجلی کے بل جمع نہیں کرائے گا۔ مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صدر محمد کاشف چودھری ودیگر نے اسلام آباد میں پریس کانفرنس کرتے ہوئے کہا ہے کہ 3 سے 20 ہزار روپے تک (بقیہ نمبر 39)

پاکستان تحریک انصاف کے نیشنل کونسل کے اجلاس کے موقع پر ہمایوں اختر و دیگر شریک ہیں

دوست محمد مزاری کو نااہل کروانے کیلئے قانونی ٹیم کو ٹاسک دیدیا گیا

اسلام آباد/ لاہور (اے ایف بی) پاکستان تحریک انصاف نے سابق ڈپٹی اسپیکر دوست مزاری کو نااہل کروانے کیلئے قانونی ٹیم کو ٹاسک دے دیا۔ چیئرمین پی ٹی آئی عمران خان نے قانونی ٹیم کو دوست محمد (بقیہ نمبر 58)

امپورٹڈ حکومت کی نااہلیوں سے ملکی معیشت سسکیاں لے رہی ہے

شہباز شریف کی قائدانہ اور انتظامی صلاحیتوں کا پول کھل چکا ہے، فیاض الحسن چوہان

لاہور (اے ایف بی) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما فیاض الحسن چوہان نے کہا ہے کہ امپورٹڈ حکومت کی نااہلیوں کی وجہ سے پاکستان کی معیشت سسکیاں (بقیہ نمبر 52)

آئی جی پنجاب فیصل شاہکار شجر کاری مہم کے سلسلے میں سنٹرل پولیس آفس کے لان میں پودا لگا رہے ہیں

غداری کا الزام اور کوئی مذہبی ٹچ کا بیانیہ نہیں چلے گا' عطا اللہ تارڑ

سپیکر پنجاب اسمبلی کا الیکشن شفاف نہیں ہوا، مطالبہ ہے کالعدم قرار دے کر دوبارہ انتخاب کرایا جائے

لاہور (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی عطا اللہ تارڑ نے کہا ہے کہ چوہدری پرویز الہی نے اسمبلی سیکرٹریٹ میں 700 افراد کو غیر قانونی بھرتی کیا، سپیکر پنجاب اسمبلی کا الیکشن شفاف نہیں ہوا، آئین کی خلاف ورزی ہوئی ہے، ہمارا مطالبہ ہے کہ اس انتخاب کو کالعدم قرار دے کر دوبارہ انتخاب کرایا جائے۔ ملک محمد احمد خان کے ہمراہ لاہور (بقیہ نمبر 40)

قدرتی آفات میں پاک بحریہ کی امدادی کارروائیاں جاری

سیلاب کے باعث بے گھر ہونے والی مقامی آبادی کو پناہ دینے کے لیے پاک بحریہ نے اتھل کے قریب بیلہ میں خیمہ بستی قائم کی ہے

بلوچستان میں پاک بحریہ کا ریلیف آپریشن مشکل کی گھڑی میں ہم وطنوں کی ہر ممکن مدد کرنے کے عزم کا عملی مظہر ہے

کراچی (نمائندہ عوامی للکار) بلوچستان کے مختلف علاقوں میں پاک بحریہ کی قدرتی آفات سے بچاؤ اور انسانی ہمدردی کے تحت امدادی کارروائیاں جاری ہیں۔ حالیہ شدید بارشوں اور سیلاب کے دوران پاک بحریہ اپنے وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے بلوچستان کی سول انتظامیہ کو ریسکیو اور ریلیف آپریشنز میں معاونت فراہم کررہی ہے۔ سیلاب کے باعث بے گھر ہونے والی مقامی آبادی کو پناہ دینے کے لیے پاک بحریہ نے اتھل کے قریب بیلہ میں خیمہ بستی قائم کی ہے۔ خیمہ بستی میں بے گھر افراد کو خوراک اور صحت کی سہولیات فراہم کی جارہی ہیں۔ علاوہ ازیں مقامی لوگوں کو ابتدائی طبی امداد اور مفت طبی سہولیات فراہم کرنے کے لیے علاقے میں فری میڈیکل کیمپ بھی لگائے گئے ہیں۔ ڈاکٹروں اور پیرا میڈیکل سٹاف کی ایک قابل ٹیم متاثرہ عوام کو علاج اور مفت ادویات فراہم کررہی ہے۔ پاک بحریہ کے ہیلی کاپٹروں کے ذریعے ضلع لسبیلہ کے دور دراز دیہی علاقوں میں راشن کے تھیلے، پکا ہوا کھانا اور امدادی سامان پہنچانے کا کام جاری ہے۔ پاک بحریہ، سول حکومت اور مختلف فلاحی اداروں کے ساتھ مل کر سیلاب زدہ لوگوں کو مسلسل امداد فراہم کررہی ہے جبکہ شدید متاثرہ علاقوں میں بحالی کا کام بھی جاری ہے ۔ (بقیہ نمبر 53)

بجلی کا شارٹ فال 5 ہزار میگا واٹ، لوڈ شیڈنگ جاری

مجموعی پیداوار 22 ہزار 511، طلب 27 ہزار 5 سو میگاواٹ

اسلام آباد) (اے ایف بی) ملک میں بجلی کا شارٹ فال 5 ہزار میگا واٹ کے قریب پہنچ گیا۔ مختلف شہروں میں 6 گھنٹے تک کی لوڈ شیڈنگ کی جاری ہے۔ ملک میں بجلی کا شارٹ فال 4 ہزار 989 میگاواٹ ہے۔ پاور ڈویژن کے مطابق بجلی کی مجموعی پیداوار 22 ہزار 511 میگاواٹ ہے۔ بجلی کی کل طلب 27 ہزار 5 سو میگاواٹ ہے۔ پانی سے 7 ہزار 550 میگاواٹ بجلی پیدا کی جارہی ہے۔ سرکاری تھرمل پلانٹس 975 میگاواٹ بجلی پیدا کررہے ہیں۔

دعا زہرا کی میڈیکولیگل رپورٹ کرانے کی درخواست مسترد

مقدمے کے ضمنی چالان پیش کرنے کیلئے تفتیشی افسر نے عدالت سے مہلت طلب کرلی

کراچی (اے ایف بی) جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کراچی کی عدالت نے لاہور کے لڑکے ظہیر سے پسند کی شادی کرنے والی دعا زہرا کی میڈیکو لیگل رپورٹ کرانے کی درخواست کو مسترد کردیا۔ پیر کو کراچی کی مقامی عدالت نے دعا زہرا کا ایم ایل او کرانے سے (بقیہ نمبر 46)

بھارتی فوجیوں نے جولائی میں 6 کشمیریوں کو شہید کیا

اسلام آباد (اے ایف بی) بھارت کے غیر قانونی زیر تسلط جموں وکشمیر میں بھارتی فوجیوں نے ریاستی دہشتگردی کی جاری کارروائیوں کے دوران گزشتہ ماہ جولائی میں 6 کشمیریوں کو شہید کیا۔ کشمیر میڈیا سروس کے شعبہ تحقیق کی طرف سے جاری کردہ اعداد وشمار کے مطابق بھارتی ریاستی دہشتگردی کا شکار ہونے والوں میں سے دو نوجوانوں کو جعلی مقابلوں میں شہید کیا گیا ہے۔ بھارتی فوجیوں اور پولیس اہلکاروں نے جولائی کے مہینے میں محاصرے اور تلاشی کی 138 کارروائیوں کے دوران 38 شہریوں کو گرفتار کیا جن میں زیادہ تر نوجوان، (بقیہ نمبر 38)

لاہور' ایک شخص چھٹی کے بعد بچوں کو لے کر گھر جا رہا ہے

ABC Certified عوام کی بے ساختہ للکار
روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
عوامی للکار
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

سیلاب کی تباہ کاریاں۔۔۔

پاکستان کے طول عرض میں طوفانی بارشوں نے پریشان کن حالات پیدا کر رکھے ہیں۔ پنجاب، سندھ، خیبر پختون خوا، بلوچستان کے مختلف علاقوں میں موسلا دھار بارشوں نے تباہ کن صورتحال پیدا کر رکھی ہے۔ آزاد کشمیر، خیبر پختون، گلگت بلتستان میں غیر معمولی بارشوں سے دریاؤں اور ندی نالوں میں سیلاب کی کیفیت پیدا ہو چکی ہے جبکہ بھارت کی طرف سے دریاؤں میں پانی چھوڑنے سے بھی دریائے چناب اور سندھ میں اوسط اور اعلیٰ درجے کے سیلاب کی اطلاعات سامنے آ رہی ہیں۔ کراچی میں موسلا دھار بارشوں نے نظام زندگی کو معطل کر ڈالا۔ بلوچستان کے مختلف اضلاع میں شدید بارشوں اور سیلاب نے تشویش ناک حالات پیدا کر رکھے ہیں۔ جنوبی اور وسط پنجاب اور اندرون سندھ کے کئی شہروں میں بھی سیلاب نے ہنگامی حالات پیدا کر رکھے ہیں۔ مون سون کی بارشوں سے کم از کم 100 افراد جان کی بازی ہار چکے ہیں، ہزاروں ایکڑ پر فصلیں سیلابی پانی میں ڈوبی ہوئی ہیں۔ سڑکیں، نشیبی علاقے، دیہات، بنیادی انفراسٹرکچر سیلاب کی تباہ کاریوں کا نشانا بنے ہوئے ہیں۔ ایسے حالات میں محکمہ موسمیات جنہیں مزید بارشوں کی پیش گوئی کی ہے، جس کا مطلب یہ ہے کہ آنے والے دنوں میں بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے پیدا ہونے والے خطرات میں اضافے کا خدشہ ہے۔ مون سون کے موسم نے تیز بارشوں اور سیلاب کی وجہ سے پیدا ہونے والے حالات پر قابو پانے کے لیے ہر سطح پر ہنگامی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ اس تناظر میں وفاقی اور صوبائی حکومتیں، ہنگامی امداد فراہم کرنے والے ادارے خاص طور نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کی طرف سیلاب اور بارش سے متاثر علاقوں میں بحالی کی کارروائیاں اور امدادی اقدامات کیے جا رہے ہیں۔ متاثرہ علاقوں میں افواج پاکستان کے دستے بھی امدادی سرگرمیاں جاری رکھے ہوئے ہیں۔ امدادی سرگرمیوں میں بری، بحری اور فضائی تینوں افواج کے دستے شریک ہیں۔ اس میں شبہ نہیں کہ بحالی و امداد کے لیے کی جانے والی سول، ملٹری اور ادارہ جاتی سرگرمیوں کی وجہ سے متاثرہ علاقوں میں تباہ کاریاں اور جانی و مالی نقصان پر بڑی حد تک قابو پایا گیا ہے، اس کے باوجود حقیقت یہی ہے کہ ابھی تک بہت سے علاقوں میں حالات انتہائی خطرناک ہیں۔ بلوچستان کے دور دراز علاقوں، پنجاب اور سندھ کے دیہی علاقوں میں سیلاب اور بارشی پانی نے سنگین صورتحال پیدا کر رکھی ہے۔ بستیوں کی بستیاں پانی میں ڈوبی ہوئی ہیں، عورتیں، بچے، مال، مویشی کھلے آسمان تلے بے یار و مددگار امدادی اقدامات کے منتظر ہیں۔ ان حالات کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ ہمارے ہاں ہنگامی حالات سے نبرد آزما ہونے کے موثر انتظامات کی شدید کمی ہے۔ یہ معلوم ہونے کے باوجود کہ بارش، طوفان، سیلاب، زلزلے یا کسی حادثے کی سبب کہیں اور کسی بھی وقت ہنگامی صورتحال پیدا ہو سکتی ہے، دیرپا بنیادوں پر ایسے انتظامات نہیں کئے گئے جو کسی بھی اچانک ٹوٹ پڑنے والی افتاد کا منظم طریقے سے سامنا کر سکیں۔ سال 2005ء کے ہلاکت خیز زلزلے کے بعد قومی سطح پر نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی کے نام سے ادارہ تشکیل ضرور دیا گیا لیکن اس کے مطلوبہ وسائل، افرادی قوت اور دیگر لوازمات کی ضرورت کے مطابق فراہمی نہیں کی گئی۔ اسی طرح شہری دفاع کے اداروں، 1122 اور ہنگامی مدد کی فراہمی کے لیے قائم کیے جانے والے اداروں کو بھی وسائل کی فراہمی میں کمی رکھی گئی ہے۔

وفاقی محتسب کے نئے اقدامات اور پہلی ششماہی کی کارکردگی

ڈاکٹر انعام الحق جاوید

حلف اٹھانے کے بعد پہلے اجلاس میں ہی وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اپنے تمام افسران و عملے پر واضح کر دیا تھا کہ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ خدمت خلق کا ادارہ ہے۔ یہاں افسری کی کوئی گنجائش نہیں کہ یہ غریب عوام کی دادرسی اور ان کی جائز شکایات کے ازالے کے لئے بنایا گیا ہے چنانچہ شکایت کنندگان کے ساتھ ہمدردانہ برتاؤ کرتے ہوئے ان کے وکیل کے طور پر ان کے مسائل کو قانون اور قاعدے کے مطابق جلد از جلد حل کرنے کی کوشش کی جائے۔ اس سلسلے میں انہوں نے ادارے کو مزید متحرک کرنے کے لئے تیزی سے نئی پالیسیاں بنائیں اور ایسے متعدد نئے اقدامات اٹھائے جن کی وجہ سے سال رواں کی پہلی ششماہی میں 68652 شکایات کا اندراج ہوا جن میں سے 65670 کے فیصلے بھی ہو گئے جب کہ پچھلے سال کی پہلی ششماہی میں 51453 شکایات موصول ہوئی تھیں اور 49056 شکایات کے فیصلے ہوئے تھے گویا اس برس شکایات کی تعداد میں 17199 اور فیصلوں کی تعداد میں 16614 کا اضافہ ہوا جو کہ وفاقی محتسب کے ادارے پر عوام الناس کے اعتماد کا مظہر ہے۔ یہ فیصلے اس قدر جامع اور شفاف تھے کہ ان کے خلاف نظر ثانی کی درخواست داخل کرنے والوں کی تعداد ایک فیصد سے بھی کم رہی۔ وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کا موقف ہے کہ فوری فیصلوں کی اہمیت اپنی جگہ مگر اصل چیز ان پر عملدرآمد ہے چنانچہ اس مقصد کے لئے وہ عملدرآمد کے شعبے کی خود نگرانی کرتے ہیں، جس کے نتیجے میں فیصلوں کے ساتھ ساتھ ان پر عملدرآمد کا گراف بھی پہلے سے بڑھ گیا ہے۔ صدر پاکستان جناب عارف علوی نے 15 فروری 2022ء کو وفاقی محتسب کے صدر دفتر اسلام آباد کا دورہ کیا اور ادارے کی کارکردگی کا مفصل جائزہ لیا۔ اس موقع پر وفاقی محتسب کی جانب سے انہیں ایک جامع بریفنگ بھی دی گئی۔ صدر پاکستان نے وفاقی محتسب کے ادارے کی کارکردگی کو حد درجہ سراہتے ہوئے تاکید کی کہ ادارے کے لئے آگاہی مہم کو مزید بڑھایا جائے، اسکے دائرہ کار کو وسعت دی جائے، جن اداروں کے خلاف شکایات زیادہ ہیں ان کے سربراہان سے میٹنگ کر کے ان شکایات کا سدباب کیا جائے اور سمندر پار پاکستانیوں اور بچوں کے حوالے سے شکایات کے حل کا خاص طور پر اہتمام کیا جائے۔ صدر پاکستان کے ان احکامات کی تعمیل کے لئے ہمہ جہتی حکمت عملی اختیار کرتے ہوئے فوری اقدامات کا آغاز کیا گیا۔

وفاقی محتسب کی طرف سے ملک میں پہلے ہوئے 14 علاقائی دفاتر لاہور، کراچی، پشاور، کوئٹہ، ملتان، بہاولپور، فیصل آباد، ڈی آئی خان، گوجرانوالہ، ایبٹ آباد، سرگودھا، حیدرآباد، سکھر اور خاران کو احکامات جاری کئے گئے کہ تحصیلوں اور ضلعوں کے ساتھ ساتھ چھوٹے قصبوں میں کھلی کچہریاں لگانے کا اہتمام کیا جائے، جہاں وفاقی محتسب کے مشیر اور تحقیقاتی افسران خود جا کر لوگوں کی شکایات سنیں اور ضلعی انتظامیہ اور متعلقہ ایجنسیوں کے توسط سے موقع پر ہی احکامات صادر کر کے مسائل کو فوری حل کرنے کا انتظام کریں۔ اس سلسلے میں وفاقی محتسب نے خود مانسہرہ میں اپنی پہلی کھلی کچہری لگائی، عوامی شکایات سنیں اور موقع پر احکامات صادر کئے۔ واضح رہے کہ اب تک 111 کھلی کچہریاں لگائی جا چکی ہیں۔ انصاف آپ کے گھر کی دہلیز پر کے عنوان کے تحت پہلے سے جاری Out-reach Complaint Resolution (OCR) پروگرام کو مزید متحرک کیا گیا تا کہ پسماندہ علاقوں کے شکایت کنندگان کے قریبی ضلعوں اور تحصیلوں میں جا کر متعلقہ وفاقی اداروں کے نمائندوں کے روبرو ان کی شکایات سنی جائیں، ان پر فوری فیصلہ ہو اور عملدرآمد بھی ہو سکے۔ اس ششماہی میں OCR کے تحت اس ادارے کے تحقیقاتی افسروں نے متعلقہ ضلعوں اور تحصیلوں کے 204 دورے کئے اور عوام الناس کی شکایات کا ازالہ کیا۔

وفاقی محتسب سیکرٹریٹ میں جن اہم مسائل پر مختلف اداروں کے ذمہ داران سے اعلیٰ سطحی اور نتیجہ خیز میٹنگز کی گئیں ان میں سرکاری ملازمین کو پنشن کی جلد ادائیگی، بجلی اور گیس کے بلوں کی تصحیح اور دیگر شکایات، آوارہ کتوں کے حوالے سے شکایات کا ازالہ، بچوں کے حقوق کی حفاظت، اسٹریٹ چلڈرن کے حوالے سے پائلٹ پراجیکٹ اور جیل ریفارمز سرفہرست ہیں۔ لاہور میں ماہ رمضان کے دوران غریب قیدیوں کے لئے جرمانے کی رقم ادا کرنے کا بندوبست کیا گیا تا کہ وہ جیلوں سے چھٹکارا حاصل کر سکیں۔ پنشن کمیٹی کی میٹنگ میں طے کیا گیا کہ اے جی پی آر 30 دن کے اندر پنشن جاری کرنے کا پابند ہوگا اور اگر کسی کیس میں کوئی کمی بیشی ہو تو بھی قواعد کے مطابق 65٪ پنشن کی ادائیگی فوری شروع کر دی جائے گی تا کہ ریٹائر ہونے والے ملازم کا خاندان معاشی مشکلات کا شکار نہ ہو۔ پاکستان ریلوے ملازمین کی پنشن میں تاخیر کا نوٹس لیا گیا اور وزارت ریلوے کو ہدایت کی گئی کہ وہ وزارت خزانہ سے مزید فنڈز حاصل کر کے پنشن کے زیر التوا کیسز کو حل کرے، تمام معاملات میں شفافیت کو یقینی بنائے اور SAP کے جدید نظام کو مکمل طور پر اپناتے ہوئے پنشن کے نئے کیسز کو تیزی سے نمٹائے۔ وفاقی محتسب کی مداخلت سے پی پی سی کے ریٹائرڈ ملازمین کی پنشن میں حکومت پاکستان کی طرف سے اعلان کردہ دس فیصد اضافہ لگایا گیا اور بقایاجات ادا کئے گئے۔ تمام سرکاری اداروں میں از سر نو پنشن ڈیسک قائم کرنے اور اپنے ملازمین کی ملازمت کے ریکارڈ کو کمپیوٹرائز کرنے کی ہدایت کی گئی تا کہ کسی ریٹائر آدمی کو شکایت کا موقع ہی نہ ملے۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے اپنے ایک سینئر ایڈوائزر کی زیر نگرانی پنشن سے متعلق ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی بنا رکھی ہے تا کہ پنشن کے نظام کو درست اور فعال رکھا جا سکے اور پنشن کی ادائیگی کے حوالے سے ان اداروں کی کارکردگی کا تسلسل سے جائزہ لیا جائے جن کے خلاف شکایات زیادہ ہیں۔

ویسے تو وفاقی محتسب کی مداخلت سے ہزاروں افراد مختلف النوع مسائل کے سلسلے میں ریلیف حاصل کر رہے ہیں تاہم نمونے کے طور پر دو چار شکایات پر ہونے والے فیصلوں کا حوالہ دینا بے جا نہ ہوگا مثلاً ملتان میں سائلین کی شکایت پر پوسٹل لائف انشورنس سے فوری طور پر تقریباً ایک کروڑ روپے سے زیادہ مالیت کے چیک جاری کرائے گئے۔ جیکب آباد انسٹی ٹیوٹ آف میڈیکل سائنس کو SEPCO کی طرف سے 11 ملین سے زائد بجلی کا بل بھیج کر غیر منصفانہ بلنگ کا نشانہ بنایا گیا تھا۔ شکایت موصول ہونے پر وفاقی محتسب کے علاقائی دفتر سکھر نے متعلقہ حکام کو دفتر طلب کر کے کیس کی سماعت کی جس کے نتیجے میں SEPCO حکام نے اپنی غلطی کا اعتراف کیا اور بل درست کر دیا۔ مزید برآں وزارت مواصلات کے سیکرٹری، پاکستان پوسٹ آفس ڈیپارٹمنٹ کے ڈائریکٹر جنرل اور PLICL کے چیف ایگزیکٹو آفیسر سے ملاقات کر کے انہیں ہدایات دی گئیں کہ وہ اپنے سسٹم کو مزید بہتر بنائیں، IT کے جدید نظام کو اختیار کرتے ہوئے عوامی شکایات کا جلد ازالہ کریں اور اپنے افسران اور عملے کے اراکین کو ہدایات جاری کریں کہ وہ لوگوں اور خصوصی طور پر شکایات کنندگان سے نرمی اور شائستگی کا مظاہرہ کریں۔

Informal Resolution of Disputes (IRD) یعنی تنازعات کے غیر رسمی حل کے نام سے ایک نئے پائلٹ پراجیکٹ کا آغاز کیا گیا جس کے تحت فریقین کی رضامندی سے ان کے مختلف النوع تنازعات مصالحتی انداز میں مفت حل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔ اس پروگرام کو باقاعدہ عوامی آگاہی مہم کے ساتھ منسلک کرنے کے باعث اس کے خاطر خواہ نتائج برآمد ہو رہے ہیں۔ سرگودھا، بھلوال، منڈی بہاؤالدین، کالا باغ، میانوالی اور دیگر دور دراز علاقوں کے لوگوں کے ایک لاکھ سے زائد یونٹوں کی بجلی کے اضافی بل واپس کروائے گئے۔ کوئٹہ میں سوئی گیس کے بل ادا نہ کرنے پر مصر صارفین سے گیس کمپنی کو ایک کروڑ روپے کے واجبات دلائے گئے نیز خاران میں بجلی کے کئی نئے ٹرانسفارمر لگوائے گئے۔

بابا فرید الدینؒ

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی

help@noorekhuda.org

بابا فرید گنج شکر شہنشاہِ پاک پتن کی پیدائش کا واقعہ بہت مشہور ہے آپ ایک نیک عابد زاہد خاتون کے بیٹے تھے۔ کہا جاتا ہے کہ جب آپ شکم مادر میں تھے تو ایک رات آپ کی والدہ محترمہ قرسم خاتون رات کے آخری پہر مصلے پر بیٹھی نماز تہجد ادا کر رہی تھیں کہ ایک چور چوری کی نیت سے آپ کے گھر آیا آپ اللہ تعالیٰ کی عبادت میں اس قدر محو تھیں کہ اس چور کی آمد کا آپ کو بالکل بھی پتہ نہ چلا۔ ظاہر ہے چور چوری کی نیت سے آیا تھا اور وہ گھر کا مال اسباب سمیٹ لینا چاہتا تھا لیکن جب اس چور نے ایک نیک خاتون کا بارگاہ الٰہی میں عبادت کرتے دیکھا تو وہ اس روح پرور منظر میں کھو گیا اور ساکت نیک خاتون کو عبادتِ الٰہی میں مستغرق دیکھتا رہا وہ نیک خاتون کی عبادت اور انہماک سے بہت زیادہ متاثر ہو گیا تھا نیک عورت جس طرح خشوع و خضوع سے مصروف عبادت تھی وہ اپنا کام بھول کر اس ایمان افروز منظر میں کھو چکا تھا پھر اس نے خود کو اِس سحر انگیز منظر سے نکالا اور چوری کی نیت سے آگے بڑھا۔ چور نے ارادہ کر لیا تھا کہ اگر عورت نے اس کو دیکھ لیا تو وہ جبر و تشدد سے اس کو ہٹا کر چوری کرے گا یہ سوچ کر اس نے پھر قرسم خاتون کو دیکھا جو آنکھیں بند کئے اپنے خالق کے تصور میں کھوئی ہوئی تھیں اور دنیا و مافیا سے بے خبر قرب الٰہی عشق الٰہی میں غرق تھیں۔ اب چور ہمت کر کے آگے بڑھا ابھی اس نے دو چار قدم ہی اٹھائے ہوں گے کہ اچانک وہ اپنی آنکھوں کی روشنی سے محروم ہو گیا وہ اندھا ہو چکا تھا۔ یہ ایک ناقابل یقین واقعہ تھا چور نے بہت کوشش کی لیکن اس کی آنکھوں کا نور واپس نہ آیا۔ اب اس نے گھر سے بھاگنے کی کوشش کی اور کافی دیر تک دیواروں سے سر ٹکراتا رہا مگر اسے واپسی کا راستہ نہ مل سکا فرار کے تمام راستے بند ہو چکے تھے اب چور پر خوف و دہشت نے قبضہ جمانا شروع کیا تو اسے احساس ہوا کہ یہ تو قہر آسمانی ہے قدرت نے اس کی آنکھوں کا نور چھین لیا ہے جب چور کو کوئی راستہ نہ ملا تو اس نے چیخنا شروع کر دیا اور با آواز بولنا شروع کیا میں عقیدے کے اعتبار سے غیر مسلم بت پرست ہوں چوری میرا پیشہ ہے آج رات چوری کی نیت سے ہی میں اِس گھر میں داخل ہوا تھا مگر چوری سے پہلے ہی میں اپنی آنکھوں کا نور کھو بیٹھا ہوں۔ یہ اندھا پن کوئی اتفاق نہیں ہے یقیناً اِس گھر میں کوئی بہت نیک ہستی ہے جس کی وجہ سے میں اندھا ہو گیا ہوں اگر وہ بزرگ ہستی میری آواز سن رہی ہے تو میں اس کو درخواست کرتا ہوں کہ مجھے معاف کر دے میں گناہ گار ہوں مجھے معافی دی جائے ہندو چور با آواز بار بار اپنی غلطی کا اقرار اور معافی مانگ رہا تھا قرسم خاتون دنیا و مافیا سے بے خبر خالق ارض و سما کے حضور عبادت میں غرق تھی جب چور نے بہت گریہ زاری کی تو آنکھیں کھول دیں اور دیکھا کہ مکان کے صحن میں ایک طویل قامت انسان ٹھوکریں کھاتا پھر رہا ہے اس کے چلنے اور لڑکھڑانے سے واضح پتہ چل رہا تھا کہ وہ اپنی آنکھوں کے نور سے محروم ہو چکا ہے۔ نیک دل خاتون اس طاقتور انسان کو بے بسی اور لاچارگی کی حالت میں دیکھتی رہی جو چوری کی نیت سے اس کے گھر میں داخل ہوا تھا۔ چور نے دوبارہ بولنا شروع کیا کہ جو بھی نیک ہستی اِس گھر میں موجود ہے اور یقیناً وہ میری آواز اور بے بسی دیکھ رہی ہوگی اسے اس کے خدا کا واسطہ وہ مجھے معاف کر دے میں اقرار کرتا ہوں کہ میں ہمیشہ کے لیے چوری اور ڈکیتی سے توبہ کر لوں گا میری آنکھوں کا نور اگر مجھے واپس مل گیا تو میں ہر برا کام چھوڑ دوں گا۔ قرسم خاتون خاموشی سے اس کی حالت زار اور بے بسی دیکھ رہی تھیں نیک دل خاتون کے سکوت مسلسل سے چور اور بھی خوف زدہ ہو گیا اور اب براہ راست نیک خاتون کو پکارا کہ میں نیک دل خاتون سے معافی کی درخواست کرتا ہوں کہ میرے گناہ کو معاف کر دیں بے شک میں انہیں تنہا سمجھ کر چوری کرنا چاہتا تھا کہ کمزور عورت اور چھوٹے بچے میرے راستے کی رکاوٹ نہیں بن سکتے لیکن میں غلط تھا مجھے معاف کر دیں اگر میری بینائی بحال ہو گئی تو میں اپنے آبا اجداد کے مذہب بت پرستی کو ترک کر دوں گا ماتھے سے قشقا اور گلے میں زنار توڑ کر پھینک دوں گا اور حلقہ اسلام میں دل سے داخل ہو جاں گا۔ چور کی گریہ زاری آہ و بکا سن کر قرسم خاتون نے اپنا وظیفہ نیم شبی چھوڑ دیا اور دعا کے لیے ہاتھ بارگاہ الٰہی میں اٹھا دیئے اے مالک ارض و سما دنیا مجھے اکیلا سمجھتی ہے لیکن جس کا تو مددگار ہو اسے لاوارث کون کہہ سکتا ہے جس کا اللہ تو محافظ ہو اس کو چوروں ڈکیتوں سے کیا خطرہ اگر سارا زمانہ بھی قزاق بن کر اس گھر پر ٹوٹ پڑے تو میرا اور میرے بچوں کا کوئی کچھ نہیں بگاڑ سکتا بے شک تو ہی میرا کفیل اور وکیل ہے میں تیری بندگی پر شکر گزار ہوں کہ تو نے مجھ ناتواں عورت کا بدلہ اِس مرد سے لیا جو چور اور طاقتور تھا قرسم خاتون کی رقت اور لہجے میں درد اور التجا بڑھتی جا رہی تھی اے مالک اب میں تجھ سے التجا کرتی ہوں کہ تو اس کی بینائی واپس کر دے یہ تیرا ہی بندہ ہے جو راستے سے بھٹک گیا تھا میں نے اِس کا جرم معاف کیا اب تو بھی اِس کے گناہوں سے چشم پوشی فرما اِس کی آنکھوں کے ساتھ اِس کے دل کی سیاہی بھی دھو دے اِس کا نور اِس کو واپس کر دے۔ اور پھر اچانک بت پرست کو محسوس ہوا اس کی آنکھوں کی سیاہی کی جگہ نور واپس آ رہا ہے اور پھر اس کی بینائی بحال ہو گئی تو وہ تشکر اور لرزتے قدموں سے قرسم خاتون کی طرف بڑھا اور معافی مانگی بت پرست کی آواز ندامت اور شرمندگی سے کانپ رہی تھی۔ قرسم خاتون بولی تجھے کوئی مجبوری یا ضرورت چوری کے لیے میرے گھر لائی تو میرا مہمان ہے بتا تیری کیا خدمت کر سکتی ہوں چور شرمندگی کے سمندر میں غرق تھا صرف معافی مانگ رہا تھا ان سے معافی مانگ جن کے حقوق کو تو نے غصب کئے ہیں پھر ہندو لٹیرا گردن جھکائے واپس چلا گیا۔ اگلے دن وہ چور اپنے بیوی بچوں کے ساتھ قرسم خاتون کے دروازے پر کھڑا تھا اور زار و قطار روتے ہوئے کہہ رہا تھا اس ابدی روشنی کی ایک کرن مجھے دے دیں دولت ایمان سے نواز دیں اور پھر یہ بت پرست مسلمان ہو کر دولتِ ایمانی سے اپنا دامن بھر کر گیا اِس لٹیرے کا نام عبداللہ رکھا گیا عبادت و ریاضت سے نیک بندوں میں شامل ہوا وفات پانے کے بعد وہیں دفن ہوا آج بھی اس کا مزار موجود ہے بابا فرید ابھی ماں کے پیٹ میں تھے جب یہ واقعہ پیش آیا۔ بچہ بڑا ہوا کر آفتاب ولایت کا سورج ثابت ہوا جس کی روشنی سے لاکھوں اندھی روحوں نے روشنی پائی اور قیامت تک یہ فیض اِسی طرح جاری و ساری رہے گا۔

Show
Biz
شوبز کارنر

شادی کیلئے ٹال مٹول کرنے پر دیشا نے ٹائیگر شروف کو چھوڑا

دیشا پٹانی نے ٹائیگر شروف سے شادی کی خواہش ظاہر کی، بھارتی میڈیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے معروف اداکار ٹائیگر شروف اور نوجوان اداکارہ دیشا پٹانی کے درمیان بریک اپ کی وجہ سامنے آ گئی۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق دیشا پٹانی نے ٹائیگر شروف سے شادی کی خواہش ظاہر کی اور ان سے شادی کیلئے اصرار کیا تھا۔ رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ ٹائیگر شروف ٹال مٹول سے کام لیتے تھے اور ابھی نہیں کہتے تھے۔ دیشا نے جب محسوس کیا کہ ٹائیگر ان سے شادی نہیں کریں گے تو انہوں نے تعلق ختم کر دیا۔

بھارت کی ٹریفک لائٹ پر کرینہ کی دلچسپ ویڈیو وائرل

اکثر لوگ سگنل کی پرواہ کیے بغیر گاڑیاں دوڑا دیتے ہیں جس سے کئی بار حادثات بھی پیش آئے

ممبئی (این این آئی) بھارتی پولیس نے ٹریفک قوانین کی آگاہی کے لیے اداکارہ کرینہ کپور کے فلمی سین کا دلچسپ استعمال کیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے دارالحکومت دہلی کی ٹریفک پولیس نے ''کبھی خوشی کبھی غم'' فلم سے کرینہ کپور کا ایک سین کاٹ کر اپنی آگاہی ویڈیو میں ایڈٹ کر کے لگائی جو سوشل میڈیا پر وائرل ہو گئی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ اداکارہ کے سین کو ایڈٹ کر کے ویڈیو میں موجود ریڈ لائٹ پر لگایا گیا جس میں وہ کہتی نظر آ رہی ہیں کہ کون ہے جس نے دوبارہ مڑ کر مجھے نہیں دیکھا۔ دہلی پولیس کے اقدام کا مقصد یہ آگاہی دینا ہے کہ ٹریفک سگنل کے سرخ رنگ پر ہر حال میں رکنا ہے، اکثر لوگ سگنل کی پرواہ کیے بغیر گاڑیاں دوڑا دیتے ہیں جس سے کئی بار حادثات بھی پیش آئے۔

ٹی وی پر جتنا بھی کام کیا ہے اس سے مطمئن ہوں

پرستاروں کی محبتیں زندگی کا اثاثہ ہیں 'بشریٰ انصاری کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکارہ بشریٰ انصاری نے کہا ہے کہ ٹی وی پر جتنا بھی کام کیا ہے میں اس سے مطمئن ہوں اور جہاں تک ہو سکا میں نے بہتر سے بہتر کام کرنے کی کوشش کی ہے، معیار برقرار رکھنا مشکل کام ہے اور خاص طور پر جب آپ مقبول ہو جائیں تو یہ ذمہ داری اور بھی بڑھ جاتی ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران بشریٰ انصاری نے کہا کہ میرے پرستاروں نے مجھے ہر کردار میں پسند کیا ہے اور آج میں جس مقام اور بلندی پر کھڑی ہوں اس میں میرے پرستاروں کا سب سے بڑا ہاتھ ہے۔

ٹی وی پر آنا محض ایک اتفاق تھا، میری پہلی محبت موسیقی ہے

مختلف زبانوں میں گیت گا چکی ہیں جنہیں بے حد پذیرائی ملی ہے، کومل رضوی

لاہور (این این آئی) نامور اداکارہ و گلوکارہ کومل رضوی نے کہا ہے کہ ٹی وی پر آنا محض ایک اتفاق تھا اور میری پہلی محبت موسیقی ہے، پی ٹی وی کی ڈرامہ سیریل ''ہوائیں'' سے کیریئر کا آغاز کیا جس میں میرا کردار بہت مختصر تھا لیکن میرے کام کو دیکھتے ہوئے اسے طویل کر دیا گیا۔ ایک انٹرویو میں کومل رضوی نے کہا کہ میری پیدائش دبئی کی ہے اور میں دبئی اور امریکہ کے علاوہ نائیجیریا میں بھی طویل قیام کر چکی ہوں۔ ٹی وی پر سینئرز نے میری بھرپور رہنمائی کی کیونکہ مجھے صحیح اردو بولنا نہیں آتی تھی لیکن آج میری اردو بہت اچھی ہو چکی ہے۔ اب ٹی وی ڈرامہ کی نسبت گلوکاری کی جانب زیادہ توجہ ہے۔

ٹی وی پر کام کرنے سے مالی حالات کچھ بہتر ہوئے ہیں' حسن مراد

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار حسن مراد نے کہا ہے کہ 25 سے 30 سال تک اسٹیج ڈراموں کے ذریعے فنکاروں کو وہ شہرت نہیں مل سکی جو کہ نجی ٹی وی چینلز کے مزاحیہ پروگراموں سے ان کے حصے میں آئی اور آج ان اداکاروں کے نام اور شہرت دونوں پورے ملک میں پھیل چکی ہے۔ ایک انٹرویو کے دوران انہوں نے کہا کہ اسٹیج کے ساتھ ٹی وی پر بھی کام کرنے سے فنکاروں کے مالی حالات کچھ بہتر ہوئے ہیں۔ انہوں نے ایک سوال کے جواب میں بتایا کہ میرا شوبز میں آنا ایک حادثاتی پہلو تھا مجھے اسٹیج ڈرامے دیکھنے کا شوق تھا اور اکثر مال روڈ پر ایک ہوٹل میں ہونے والے ڈرامے دیکھنے جاتا تھا اور وہاں سے ہی امجد بٹ مرحوم نے مجھے ڈرامے میں متعارف کروایا۔

کاجول بھی ویب سیریز میں ڈیبیو کے لئے تیار

شو کس قسم کا ہوگا اس حوالے سے کوئی معلومات فراہم نہیں کی گئیں

ممبئی (این این آئی) معروف بھارتی اداکارہ کاجول ڈزنی ہاٹ اسٹار کے ساتھ ویب سیریز میں ڈیبیو کرنے کے لیے تیار ہیں۔ بالی ووڈ کی شمن، اداکارہ کاجول نے اپنے آفیشل انسٹاگرام اکاؤنٹ سے ایک ویڈیو شیئر کی ہے جس میں انہوں نے مداحوں کو اپنے ویب شو کے ڈیبیو کی خبر دی ہے۔ میکرز نے کاجول کے ڈیبیو کا اعلان ایک ٹیزر کے ساتھ کیا جس میں کاجول بتا رہی ہیں کہ وہ جلد ڈزنی اور ہاٹ اسٹار کے ساتھ اپنا ویب شو پیش کرنے والی ہیں۔ شو کے ٹیزر میں شاہ رخ خان کے ساتھ کاجول کی فلم، دل والے دلہنیا لے جائیں گے۔

وہ بالی ووڈ ستارے جو خطرناک حادثات کا شکار ہوئے

شاہ رخ خان، کاجول، اکشے کمار اور امیتابھ بچن سمیت کئی نامور ستارے ہیں



ممبئی (این این آئی) فلمی دنیا میں خطرات اور حادثات سے لڑنے والے اداکاروں کو بھی کبھار حقیقی زندگی میں بھی اس طرح کے واقعات کا سامنا کرنا پڑ جاتا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق بالی ووڈ کے ''بادشاہ'' شاہ رخ خان، کاجول، اکشے کمار اور امیتابھ بچن سمیت کئی نامور ستارے ہیں جنہوں نے اپنی زندگی میں خطرناک حادثات کا سامنا کیا۔ بالی ووڈ کے کنگ خان ماضی میں حادثے کے سبب کسی پہاڑی چٹان سے نیچے آ گرے تھے، جس کی وجہ سے اداکار کی پسلیاں ٹوٹی تھیں جبکہ گردن اور کمر پر بھی گہرے زخم آئے تھے۔ اداکارہ کاجول کی فلم کی شوٹنگ کے دوران جیپ کی ٹکر سے شدید زخمی ہوئی تھیں۔ بالی ووڈ کے شہنشاہ امیتابھ بچن کُلی فلم میں اداکاری کرتے ہوئے حادثے کا شکار ہوئے تھے۔

SPORTS
کھیل کھلاڑی

بھارت کے خلاف عوام کی امیدوں پر پورا نہیں اتر سکی، بسمہ معروف

بیٹی کیساتھ ٹریول کرنا آسان نہیں، کوشش ہے مشکل پیش نہ آئے، گفتگو

برمنگھم (این این آئی) قومی ویمنز ٹیم کی کپتان بسمہ معروف نے کہا ہے کہ ٹیم بھارت کے خلاف عوام کی امیدوں پر پورا نہیں اتر سکے آئندہ اچھا پرفارم کریں گے۔ کامن ویلتھ گیمز میں روایتی حریف سے شکست پر قومی ٹیم کی کپتان بسمہ معروف نے کہا کہ بھارت کیخلاف میچ ہمیشہ بہت جوش والا ہوتا ہے ہم بہت ٹف میچز ہارے ہیں ہم نے بہترین کھیل پیش کرنے کی کوشش کی۔ بسمہ معروف نے کہا کہ ایونٹ کے دوران بیٹی کافی انجوائے کر رہی ہے کامن ویلتھ گیمز مینجمنٹ اور پی سی بی نے بیٹی کا بہت خیال رکھا۔ انہوں نے کہا کہ بیٹی کیساتھ ٹریول کرنا آسان نہیں

کامن ویلتھ گیمز، آسٹریلیا نے میڈلز کی نصف سنچری مکمل کر لی

52 تمغے جیت لیے، آسٹریلوی ایتھلیٹس نے 22 گولڈ، 13 سلور اور 17 برانز میڈلز جیتے

برمنگھم (این این آئی) برمنگھم میں جاری کامن ویلتھ گیمز میں آسٹریلیا نے میڈلز کی نصف سنچری مکمل کر لی۔ آسٹریلیا نے 52 تمغے جیت لیے، آسٹریلوی ایتھلیٹس نے 22 گولڈ، 13 سلور اور 17 برانز میڈلز جیتے۔ کامن ویلتھ گیمز میں انگلینڈ 34 میڈلز کے ساتھ دوسرے، نیوزی لینڈ 19 کے ساتھ تیسرے، جنوبی افریقہ 4، بھارت اور کینیڈا 3، 3 گولڈ میڈلز جیت چکے ہیں۔

آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ 6 ستمبر سے شروع ہوگا

ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل مقابلے 11 ستمبر کو جبکہ فائنل مقابلے 12 ستمبر کو کھیلے جائیں گے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے زیر اہتمام آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ 6 ستمبر سے لیڈر سٹی باؤلنگ کلب جناح پارک راولپنڈی میں شروع ہوگا۔ پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے صدر اعجاز الرحمٰن نے بتایا کہ ٹورنامنٹ کی تیاریاں زور و شور سے جاری ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں ملک بھر سے مرد اور خواتین کھلاڑی حصہ لے رہے ہیں، انہوں نے کہا کہ ٹورنامنٹ میں 9 مختلف کیٹگریز کے مقابلے رکھے گئے ہیں جن میں مینز سنگلز، مینز ڈبلز، لیڈیز سنگلز، انچیور، ڈیف، ٹیم ایونٹ، انٹر یونیورسٹی، انٹر سکول اور میڈیا کیٹگریز کے مقابلے شامل ہیں۔ ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل مقابلے 11 ستمبر کو جبکہ فائنل مقابلے 12 ستمبر کو کھیلے جائیں گے۔ ٹورنامنٹ کے اختتام پر کامیابی حاصل کرنے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کئے جائیں گے۔ اعجاز الرحمٰن نے کہا کہ آزادی کپ ٹین پن باؤلنگ ٹورنامنٹ میں شرکت کیلئے کھلاڑیوں کی رجسٹریشن شروع ہے۔ ٹورنامنٹ میں شرکت کی خواہش رکھنے والے ملک بھر سے کھلاڑی اپنی اپنی رجسٹریشن آن لائن یکم ستمبر شام پانچ بجے تک کروا سکتے ہیں اور 4 ستمبر کو شام چھ بجے ٹورنامنٹ کے ڈراز کا اعلان کیا جائے گا۔ ٹورنامنٹ میں شرکت کے حوالے سے مزید معلومات کیلئے پاکستان ٹین پن باؤلنگ فیڈریشن کے سیکرٹری جنرل محمد حسین چٹھہ سے رابطہ قائم کیا

کے پی ایل کے تمام میچز نہیں کھیل سکوں گا، شاہد آفریدی

کے پی ایل کا دوسرا سیزن بھی کامیاب ہوگا، کوشش کروں گا بیٹنگ میں ایکشن دکھاؤں

لاہور (این این آئی) اسٹار آل راؤنڈر اور سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ کے پی ایل کے تمام میچز نہیں کھیل سکوں گا، کے پی ایل کا دوسرا سیزن بھی کامیاب ہوگا، کوشش کروں گا بیٹنگ میں ایکشن دکھاؤں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے کہا کہ کے پی ایل کا دوسرا سیزن بھی کامیاب ہوگا، کوشش کروں گا بیٹنگ میں ایکشن دکھاؤں۔ سابق کپتان نے کہا کہ ڈاکٹرز نے سرجری کا کہا ہے لہٰذا سارے میچ نہیں کھیل سکوں گا۔ انہوں نے کہا کہ کشمیر پریمیئر لیگ میں بڑے زبردست کھلاڑی ملے اور اس کا آغاز بڑا اچھا رہا ہے، اس بار ڈرافٹنگ میں نئے پلیئرز کو لیا ہے تا کہ انہیں موقع دیا جا سکے۔

شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ کے لئے یاد رکھا جائیگا، حاجی نواب

سوات (این این آئی) مانیار فٹ بال کلب سوات کے صدر اور تحریک انصاف کے رہنما حاجی نواب خان نے کہا ہے کہ کھیل کے میدانوں میں شہداء کی قربانیوں کو ہمیشہ کے لئے یاد رکھا جائے گا، ان کی قربانیوں کی وجہ سے ملک میں کھیلوں کے میدان آباد ہوئے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز ملک سعد شہید سپورٹس ٹرسٹ کے زیر اہتمام یوم شہداء پولیس سوات کھیلوں کے مقابلوں کے موقع پر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کہ ملک سعد شہید ایک ایماندار اور نڈر پولیس آفیسر تھے۔ جنہوں نے خیبرپختونخوا صوبے کی عوام کی خدمت کرتے ہوئے پولیس وردی میں ملک کی خاطر اپنی جان کا نذرانہ پیش کیا۔

کھلاڑیوں کیساتھ کوچز کا نہ بھیجنا ملکی مفاد میں نہیں، آصف ڈار

دنیا میں کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ کھلاڑیوں کو مقابلوں میں بغیر کوچز کے بھیجا جائے

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان ٹینس فیڈریشن کے سابق سیکرٹری جنرل کرنل ریٹائرڈ محمد آصف ڈار نے کہا ہے کہ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کا کامن ویلتھ گیمز میں ایتھلیٹکس کھلاڑیوں کے ساتھ کوچز کا نہ بھیجنا ملکی مفاد میں نہیں بلکہ اولمپک ایسوسی ایشن کی بدنیتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گذشتہ روز میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ پاکستان اولمپک ایسوسی ایشن کا کامن ویلتھ گیمز میں ایتھلیٹکس کھلاڑیوں کے ساتھ کوچز کو نہ بھیجنا لمحہ فکریہ ہے اور صدر پاکستان ایتھلیٹکس فیڈریشن جنرل محمد اکرم ساہی نے یہ مسئلہ پاکستان سپورٹس بورڈ کی میٹنگ میں اٹھایا تھا جس پر وفاقی وزیر بین الصوبائی رابطہ نے پاکستان سپورٹس بورڈ کے ڈائریکٹر جنرل کو حکم دیا کہ ایتھلیٹکس ٹیم کے ساتھ ایتھلیٹکس کا بھی کوچ جانا چاہیے لیکن پھر بھی اس پر عمل نہ کیا جا سکا۔ انہوں نے کہا کہ دنیا میں کبھی ایسا نہیں ہوتا کہ کھلاڑیوں کو کسی بھی ایسے بین الاقوامی سطح کے مقابلوں میں بغیر کوچز کے بھیجا جائے۔ ایک سوال کے جواب میں کرنل آصف ڈار نے کہا کہ اس وقت برمنگھم میں 50 کے قریب آفیشلز سیر و تفریح کے لیے گئے ہوئے۔

بابر اعظم ایک بار پھر بہترین پرفارمینس دینے کیلئے پرعزم

پاکستان اور نیدرلینڈز کے مابین تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز کی سیریز 16 اگست کو ہوگی

اسلام آباد (این این آئی) کیے بعد دیگرے ریکارڈز توڑنے والے پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان بابر اعظم ایک بار پھر بہترین پرفارمنس دینے کیلئے پرعزم ہیں انہوں نے اپنے ٹوئٹر اکاؤنٹ پر ایک تصویر شیئر کی ہے جس میں دیکھا جا سکتا ہے کہ وہ کسی پر سکون جگہ پر ہیں ان کے عقب میں ڈھلتے سورج کی مدھم روشنی ماحول کو مزید راحت بخش بنا رہی ہے۔ کپتان نے تصویر کے کیپشن میں لکھا کہ اپنی روح کو اس سے جوڑ لیں جو اسے تازگی بخشیں' ان کے مداحوں نے پاکستانی کرکٹ ٹیم کے کپتان کی جانب سے شیئر کی گئی اس تصویر پر کمنٹس میں تبصرے دیتے ہوئے لکھا کہ بابر اعظم ایک بار پھر نیدر لینڈز کے خلاف بہترین پرفارمنس دینے کیلئے تیار ہیں۔ واضح رہے کہ پاکستان اور نیدر لینڈز کے مابین تین ون ڈے انٹرنیشنل میچز کی سیریز 16 اگست سے روٹرڈم میں شروع ہوگی

بقیہ 1
نیب جسٹس ریٹائرڈ جاوید اقبال نے لاپتہ افراد کمیشن کی سربراہی بچانے کے لیے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی جانب سے عہدے سے ہٹانے کی سفارش بھی اسلام آباد ہائیکورٹ میں چیلنج کر دی۔ درخواست میں موقف اپنایا کہ چیئرمین پبلک اکاؤنٹس کمیٹی اختیار سے تجاوز کر رہے ہیں، عدالت پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کی سفارش کو کالعدم قرار دے

بقیہ 2
جوئیہ نے کہا کہ ملزم کو ٹھوس شواہد کے ساتھ چالان کیا جائے گا، خواتین سے زیادتی اور تشدد جیسے واقعات پر زیرو ٹالیرنس پالیسی ہے جسے یقینی بنایا جائے گا۔

بقیہ 3
گرفتار کر کے ملزم سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن برآمد کیا، نصیر آباد پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم حماد کو گرفتار کر کے ملزم سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن برآمد کر لیا، آرائے بازار پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم عمر شوکت کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن برآمد ہوا، جبکہ ٹیکسلا پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم محمد دلدار کو گرفتار کر کے ملزم سے 01پستول 30بور معہ ایمونیشن برآمد کیا، ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر لیے گئے۔ ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے کہا کہ ہوائی فائرنگ اور ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کریک ڈاؤن میں مزید تیزی لائی جائے گی۔

بقیہ 4
بجلی کے بلوں کو آگ لگاتے وقت بڑی تعداد میں تاجر موجود تھے جنہوں نے کہا کہ حکومت نے مہنگائی کے خاتمے کا لولی پاپ دے کر برسر اقتدار آتے ہی بجلی گیس اور پیٹرولیم کی مصنوعات میں بے تحاشا اضافہ کر دیا جس سے پہلے ہی مہنگائی کی چکی میں پسی ہوئے لوگوں کے لیے دو وقت روٹی کمانا مشکل ہو گیا اور مہنگائی کی شرح 16 سے 38 فیصد تک جا پہنچی۔ حکومت صرف اور صرف اپنے ذاتی مفادات حاصل کرنے میں مگن ہے اور آئے روز عوام پر مہنگائی کے نت نئے بم برسا رہی ہے ٹیکس فری بجٹ کے دعویداروں نے کوئی ایسا شعبہ نہیں جس پر ٹیکسوں کی بھرمار نہ کی ہو بجلی کے بلوں میں ٹیکس در ٹیکس کے بعد کمرشل میٹروں پر فکس ٹیکس نے تاجر برادری کی کمر توڑ کر رکھ دی جس پر آئے روز تاجر تنظیمیں اپنا اپنا احتجاج ریکارڈ کرا رہی ہیں مگر حکومت کے کانوں پر جوں تک نہیں رینگ رہی تاجر تنظیموں نے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ اگر فکسڈ ٹیکس فی الفور ختم نہ کیا گیا تو وہ احتجاج کا ہر طریقہ آزمائیں گے

بقیہ 5
کے مقابلے میں رواں مالی سال کے پہلے مہینے جولائی میں اکٹھے ہونے والے محصولات میں اضافہ 10فیصد ریکارڈ ہوا ہے۔ اعلامیے میں مزید بتایا گیا ہے کہ پاکستان کسٹمز نے 67ارب روپے کے محصولات اکٹھے کیے۔ رواں مالی سال انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق رواں مالی سال 34 لاکھ ٹیکس گزاروں نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائے، جب کہ گزشتہ مالی سال میں 30 لاکھ ٹیکس گزاروں نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائے تھے۔ دوسری جانب فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے رواں مالی سال 2022-23 کے لیے مقرر کردہ 7ہزار 470 ارب روپے کی ٹیکس وصولیوں کا ہدف حاصل کرنے کے لیے نادرا سے مدد لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام کے مطابق نادرا سے زیادہ اخراجات والے مزید ساڑھے 3ہزار افراد کا مکمل ڈیٹا طلب کر لیا گیا ہے جبکہ ٹریک اینڈ ٹریس اور پوائنٹ آف سیل سسٹم سے بھی مدد لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ٹیکس نیٹ بڑھانے کے لیے غیر ملکی دوروں، مہنگی گاڑیوں، جائیداد کی خریداری کا ریکارڈ چیک کیا جائے گا۔ ٹیکس نیٹ بڑھانے کے لیے آڈٹ سسٹم بھی استعمال کیا جائے گا جبکہ ٹیکس نادہندگان کے بینک اکاؤنٹس کی جانچ پڑتال ہوگی۔

بقیہ 6
ایم ای) کے معیار پر پورا اترنے میں ناکام ہو چکا ہے جبکہ اس پر پورا اترنے کے لیے مقررہ آخری تاریخ تیزی سے قریب آ رہی ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) نے ڈبلیو ایف ایم ای ایکریڈیشن حاصل کرنے کے لیے درخواست دی تھی اور اس کے وفد کو پاکستان کے دورے کی دعوت بھی دی تھی لیکن 2019 میں، پی ایم ڈی سی کو تحلیل کر کے نیا بورڈ پاکستان میڈیکل کمیشن (پی ایم سی) قائم کیا گیا، اس کے نتیجے میں ڈبلیو ایف ایم ای کا دورہ ملتوی کر دیا گیا تھا۔ ڈبلیو ایف ایم ای سے ایکریڈیشن حاصل کرنے کے لیے پاکستان کے پاس جنوری 2024 تک کا وقت ہے جبکہ موجودہ پاکستان میڈیکل کمیشن (پی ایم سی) ایکٹ اس وقت عالمی ادارے کی جانب سے تسلیم کیے جانے کے مطلوبہ معیار پر پورا نہیں اترتا۔

بقیہ 7
سیلاب زدہ علاقوں میں پاک فضائیہ کے اہلکار متاثرہ افراد کو انسانی ہمدردی کی بنیاد پر امداد فراہم کرنے کے لیے انتھک جدوجہد کر رہے ہیں۔ سربراہ پاک فضائیہ ایئر چیف مارشل ظہیر احمد بابر سدھو نے پاک فضائیہ کے متعلقہ شعبوں کو بلوچستان کے سیلاب زدہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں کے لیے ہر ممکن مدد فراہم کرنے کی ہدایت کی ہے۔

بقیہ 8
ہوئیں جن میں سے 3729 حقیقی ایمرجنسی کالز جبکہ 21742 ڈسٹربنگ کالز تھیں، ریسکیو 1122 مظفرگڑھ نے اپنے اوسط رسپانس ٹائم کو برقرار رکھتے ہوئے 3729 ایمرجنسز پر رسپانس کیا جن میں سے 549 روڈ ٹریفک حادثات، 2447 میڈیکل ایمرجنسیز، 27 فائر ایمرجنسز، 91 کرائم، 07 ڈوبنے کی ایمرجنسیز 29، عمارتوں کے گرنے اور 579 دیگر ایمرجنسیز شامل ہیں، ریسکیو 1122 نے ان تمام ایمرجنسیز پر رسپانس کرتے ہوئے 3978 افراد کو ریسکیو کیا، جن میں 570 افراد کو موقع پر فرسٹ ایڈ فراہم کی گئی اور 3075 افراد کو فرسٹ ایڈ دیتے ہوئے ہسپتال منتقل کیا گیا جبکہ 77 افراد موقع پر ہی جانبحق ہوئے۔ اس موقع پر ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر ڈاکٹر حسین میاں نے حالیہ مون سون کی بارشوں کے جاری سلسلہ کے سبب پیش آنیوالی ایمرجنسیز کے حوالہ سے بات کرتے ہوئے بتایا کہ ضلع بھر سے ریسکیو 1122 کو اب تک بارشوں کے سبب پیدا ہونے والی 27 ایمرجنسی کالز موصول ہوئی جن پر ریسکیو 1122 نے رسپانس کرتے ہوئے 44 افراد کو ریسکیو کیا اور ان ایمرجنسیز میں 06 افراد جانبحق ہوئے، انہوں نے فلڈ ریلیف آپریشن کے حوالہ سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ریسکیو 1122 کی جانب سے جوانہ بنگلہ تا بیٹ کندرالا علی پور تک 16 ایمرجنسی رسپانس ٹیمز تعینات کی گئی ہیں جنہوں نے اب تک سیلاب سے متاثرہ علاقوں سے 256افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا ہے۔ انہوں نے محرم الحرام کے حوالہ سے لیئے جانیوالے اقدامات کے حوالہ سے بتایا کہ اس حوالہ سے تمام روٹس وزٹ کر لیئے گئے ہیں اور امام بارگاہوں کے منتظمین بشمول عہدہ داران کے ساتھ ملاقاتوں کے بعد Contingency Plan مرتب کر لیا گیا ہے اور انشاء اللہ ہم بہترین انداز میں سروسز کی منتقلی کو یقینی بنائیں گے۔ انہوں نے عوام سے درخواست کرتے ہوئے کہا کہ ریسکیو 1122 جان بچانے والا ادارہ ہے جو بلاتفریق و بلاتاخیر لوگوں کو ایمرجنسی سہولت میسر کرتا ہے لہٰذا ذمہ دار شہری کا ثبوت دیتے ہوئے ریسکیو ایمبولینسز کو فوری راستہ دیں تاکہ بروقت جائے حادثہ پر پہنچ کر ضرورت مند لوگوں کو فوری امداد فراہم کی جاسکے۔

بقیہ 9
دوران گشت ایک شخص کو دیکھا جو رائفل اٹھائے جا رہا تھا اسے روکنے کی کوشش کی تو وہ بھاگنے لگا پولیس نے پیچھا کیا اور قابو کر کے اس کے قبضے سے ایک لوڈ رائفل بمعہ پانچ روند برآمد کر لی ملزم کا نام حارب علی معلوم ہوا جسے پولیس تھانہ گوجرخان کے حوالے کر دیا گیا اسکے خلاف مقدمہ درج کر کے تفتیش شروع کر دی گئی ہے

بقیہ 10
قوانین سے متعلق آگاہی مہم جاری ہے۔ گزشتہ روز مدرسہ جامعۃ القدوس میں منعقد سیمینار کے دوران اساتذہ اور طلبہ کو روڈ سیفٹی اور دیگر ٹریفک قوانین سے متعلق بذریعہ پمفلٹس اور لیکچرز انھیں آگاہی فراہم کی گئی۔ اس موقع پر چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد نے کہا کہ زندگی میں دینی اور دنیاوی تعلیم کے ساتھ ٹریفک ایجوکیشن بھی ضروری ہے، ٹریفک قوانین سے آگاہی دراصل حقوق العباد کا حصہ ہے کیونکہ ایک شخص کی جان بچانا گویا پوری انسانیت کی جان بچانا ہے، شاہراہوں پر ڈرائیونگ کرنے سے پہلے ڈرائیونگ اور شاہراہوں کے قوائد وضوابط کا جاننا اور اس پر عمل کرنا ہر روڈ یوزر کے لیے لازم ہے اس کے بغیر اچھی ٹریفک کا بہاؤ اور روڈ حادثات سے بچاؤ ممکن نہیں ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ اسلام ہمیں حقوق العباد کا درس دیتا ہے، دوران ڈرائیونگ دوسروں کے حقوق کا خیال رکھنا چاہیے اور دوران ڈرائیونگ صبر اور برداشت کے دامن کو ہاتھ سے نہیں چھوڑنا چاہیے۔

بقیہ 11
چھدڑ کی خصوصی ہدایات پر اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا ضلع بھر میں جرائم پیشہ عناصر کیخلاف موثر کارروائیوں کا سلسلہ جاری، ایس ایس پی انوسٹی فرحت عباس کاظمی نے ڈکیتی وچوری کی وارداتوں میں ملوث ملزمان کی گرفتاری کے لیے ایس پی انوسٹی گیشن رخسار مہدی کی زیرنگرانی سی آئی اے پولیس کے خصوصی اسکواڈ تشکیل دیئے، جنہوں نے کارروائی کرتے ہوئے جدید ٹیکنیکل اور ہیومن ریسورز کی مدد سے تھانہ انڈسٹریل ایریا کے علاقے میں بینکوں کے باہر ریکی کر کے شہریوں سے گن پوائنٹ پر ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث سابقہ ریکارڈ یافتہ شانی بٹ گروہ کے دوارکان کو گرفتار کر لیا، ملزمان کے قبضے سے مال مسروقہ 60تولہ طلائی زیورات مالیتی 97لاکھ روپے، نقدی تین لاکھ روپے، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور دو تیس بور پسٹل معہ ایمونیشن برآمد کر لیا گیا، گرفتار ملزمان کی شناخت طاہر اسلام اور نزاکت حسین کے نام سے ہوئی ہے، گرفتار ملزمان کے خلاف تھانہ انڈسٹریل ایریا میں مختلف مقدمات درج ہیں، ڈی آئی جی آپریشنز سہیل ظفر چٹھہ کی ہدایت پر ایس ایس پی انوسٹی فرحت عباس کاظمی نے گزشتہ روز برآمد شدہ طلائی زیورات اور نقدی ایک تقریب کے دوران ان کے اصل مالکان کے حوالے کر دیئے، مالکان نے مسروقہ طلائی زیورات اور نقدی واپس ملنے پر انتہائی خوشی کا اظہار کرتے ہوئے اسلام آباد کیپیٹل پولیس کا تہہ دل سے شکریہ ادا کیا، اسلام آباد کیپیٹل پولیس شہریوں کی جان و مال کے تحفظ کیلئے تمام تر ممکنہ اقدامات اٹھا رہی ہے، کسی بھی جرائم پیشہ عناصر کو عوام الناس کے امن میں خلل ڈالنے کی اجازت نہیں دی جائے گی، شہریوں سے بھی گزارش ہے کہ وہ پولیس کے ساتھ تعاون کریں اور کسی بھی مشکوک چیز یا سرگرمی کے بارے میں ریسکیو ون فائیو پر اطلاع کریں۔

بقیہ 12
خان گڑھ کے دیہات میں بھی سن وائرس کے پھیلاؤ میں تیزی سے اضافہ، مقامی انتظامیہ کی جانب سے اس حوالے سے کوئی اقدامات نظر نہی آرہے، لوگ اپنی مدد آپ کے تحت جانوروں کو ویکسین کروا رہے ہیں۔ لوگوں کی اس مجبوری کا فائدہ اٹھاتے ہوئے عطائی ڈاکٹر میدان میں اتر چکے ہیں اور دونوں ہاتھوں سے لوٹ رہے ہیں۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے محکمہ لائیو سٹاک کی جانب سے کوئی ہدایات یا خیر خواہی نظر نہی آرہی۔ محکمے نے غفلت کا مظاہرہ کرتے ہوئے آنکھیں بند کر رکھی ہیں۔ منڈا چوک، ٹھٹھہ قریشی بستی موہانہ اور بیٹ پنجاری کی عوام نے کمشنر ڈائریکٹر لائیو سٹاک سیکرٹری لائیو سٹاک سے فوری ایکشن لینے کی پرزور اپیل کی ہے۔

بقیہ 13
ناکہ بندی پولیس عملے کے ساتھ تعاون کریں تاکہ انکی حفاظت یقینی بنائی جاسکے۔

بقیہ 14
اگست کو اقلیتی کنونشن ہوگا۔ پارلیمنٹ ہاؤس میں یوم آزادی کی تقریبات ہفتہ بھر جاری رہیں گی۔

بقیہ 15
خان، انجم عباسی سمیت درجنوں فنکار شریک ہوئے۔ اس موقع پر فنکاروں، عام شہریوں اور آرٹس کونسل کے طلباء نے نغمے بھی سنائے۔ ریلی کے شرکاء نے ہاتھوں میں پاکستان پرچم تھامے پاکستان زندہ باد کے نعرے لگائے۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد نے ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دنیا میں آزادی کا کوئی نعم البدل نہیں ہے اور دنیا میں آزاد قومیں ہی ترقی کرتی ہیں۔ ہمیں قائداعظم محمد علی جناح اور علامہ اقبال کا شکر گزار ہونا چاہیے جن کی بدولت آج ہم آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ علامہ اقبال نے برصغیر میں ایک آزاد اسلامی ریاست کا خواب دیکھا جسے قائداعظم نے شب و روز محنت کر کے پاکستان کی صورت میں شرمندہ تعبیر کیا۔ حکومت کے ویژن کے مطابق پاکستان جلد ہی دنیا کی بڑی معاشی طاقت بن کر ابھرے گا۔ اسسٹنٹ ڈائریکٹر پنجاب آرٹس کونسل محمد سلیمان کا کہنا تھا کہ پاکستان کا یوم آزادی ہمارے لیے خوشیوں کا پیغام لے کر آتا ہے آج ہمارے دل خوشیوں سے لبریز اور آنکھیں خوشی سے سرشار ہیں بلاشبہ آزادی بہت بڑی نعمت ہے ہمارے قومی رہنما قائداعظم محمد علی جناح اور لاکھوں مسلمانوں کی لازوال کوششوں سے آج یہ دن آیا ہے کہ ہم آزاد فضا میں سانس لے رہے ہیں۔ ہماری نوجوان نسل کو تحریک پاکستان کے دوران پیش آنے والی مشکلات سے آگاہی کی ضرورت ہے۔ تاکہ وہ دن رات محنت کر کے اس سرزمین کو ترقی کی بلندیوں تک پہنچانے میں اپنا کردار ادا کریں۔

بقیہ 16
. گلیاں، بازار سیوریج کے گندے پانی سے بھر گئے۔ صورتحال سے تنگ آ کر ٹاؤن کمیٹی اہلکار کچرے اور کوڑا کرکٹ سے بھری ٹرالیوں سمیت واپڈا سب ڈویژن خان گڑھ کے دفتر داخل ہو گئے۔ اور محرم الحرام کے حساس اور اہم موقع پر ڈسپوزل کنکشن منقطع کرنے والے لائن سپرنٹنڈنٹ کے خلاف احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مبینہ رشوت نہ دینے کی بنا پر ڈسپوزل کنکشن بند کرنے والے لائن سپرنٹنڈنٹ رسالت شاہ کی معطلی تک کام چھوڑ ہڑتال کا بھی اعلان کر دیا۔

بقیہ 17
عدنان، فضل، فیصل اور حضرت گل کو گرفتار کر کے 1355 تھیلے آٹا اور 1110 تھیلے گندم برآمد کی، جبکہ ٹیکسلا پولیس نے ڈرائیور عدنان کو گرفتار کر کے 1450 تھیلے آٹا برآمد کیا۔ ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے کہا کہ گندم اور آٹے کی غیر قانونی ترسیل کرنے والوں کے خلاف کارروائی یقینی بنائی جائے گی۔

بقیہ 18
جائے حادثہ پر روانہ کروادیا۔ ریسکیو سٹاف نے جائے حادثہ پر پہنچ کر پیشہ وارانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے خاتون کا طبی معانہ کیا اور رسپانس نہ ملنے پر CPR کرتے ہوئے BHU ہسپتال لنڈی پتائی منتقل کر دیا۔ جہاں ڈاکٹر صاحب نے اندرونی سر کی چوٹ اور دایں ٹانگ مکمل ٹوٹنے پر خاتون کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی۔

بقیہ 19
جائے حادثہ پر روانہ کروادیا۔ ریسکیو سٹاف نے جائے حادثہ پر پہنچ کر پیشہ وارانہ مہارت کو بروئے کار لاتے ہوئے خاتون کا طبی معانہ کیا اور رسپانس نہ ملنے پر CPR کرتے ہوئے BHU ہسپتال لنڈی پتائی منتقل کر دیا۔ جہاں ڈاکٹر صاحب نے اندرونی سر کی چوٹ اور دایں ٹانگ مکمل ٹوٹنے پر خاتون کے جاں بحق ہونے کی تصدیق کر دی۔

بقیہ 20
کے مطابق حالیہ مون سون اور سیلاب میں 401، 970 ایکڑ رقبہ زیر آب آیا، ریکارڈ کے مطابق ڈیڑھ ماہ میں 10797 گھروں کو نقصان پہنچا، ڈیڑھ ماہ میں مختلف حادثات میں 85 افراد ہلاک ہوئے، سیلاب سے 28 اموات ہوئیں، جاں بحق ہونے والوں میں مرد، خواتین اور بچے شامل ہیں، سیلاب میں 28 افراد شدید زخمی اور مون سون کے دوران 79 افراد زخمی ہوئے۔ ترجمان کے مطابق امدادی ٹیموں نے 2462 افراد کو سیلابی علاقوں سے بحفاظت نکالا، فلڈ ریلیف کیمپس میں 7819 افراد کو علاج معالجے کی سہولیات فراہم کی گئی۔ رپورٹ کے مطابق حالیہ مون سون اور سیلاب میں 3036 جانور ہلاک ہوئے، امدادی کارروائیوں کے دوران 501 جانوروں کو سیلابی علاقوں سے ریسکیو کیا گیا۔ میانوالی اور ڈی جی خان ڈویژن میں 29 ریلیف کیمپس قائم ہیں، 176 گھرانوں کے 1516 افراد فلڈ ریلیف کیمپس میں رہائش پذیر ہیں۔ ریلیف کیمپس میں تمام افراد کو تین وقت کا کھانا، صاف پانی سمیت علاج معالجے کی سہولیات بدستور جاری ہیں، متاثرین کے جانوروں کے لیے 06 ریلیف کیمپس قائم، 169 جانور ریلیف کیمپوں میں موجود ہیں، سیلاب متاثرین کے 54000 جانوروں کو بیماریوں سے بچاؤ کی ویکسین لگائی جا چکی۔ اب تک 2617 گھرانوں میں ایک ماہ کے لیے خشک راشن کے تھیلے تقسیم کیے جا چکے ہیں، اب تک 2666 گھرانوں میں ٹینٹس تقسیم کیے گئے، ریسکیو ریلیف آپریشن میں 61 کشتیاں اور 444 ریسکیورز نے حصہ لیا۔

بقیہ 21
مسلہ کی بنا پر امام بارگاہ سید کسراں کو ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے احکامات پر اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان مہر غلام عباس ہرل نے ایس پی زبیر احمد چیمہ اور ڈی ایس پی سرکل گوجرخان کے ہمراہ امام بارگاہ کو تاحکم ثانی سیل کر دیا جبکہ سید کسراں روڈ پر دو پٹرول پمپس کا وزٹ کیا اسسٹنٹ کمشنر غلام عباس ہرل نے کارروائی کرتے ہوئے شیل پمپ کو پیٹرول کی فروخت بند کرنے پر سیل کر دیا جبکہ اٹک پمپ کو چیک کیا ناپ ٹول میں کمی برتنے پر پٹرول پمپ کا پیمانہ کم ہونے پر پمپ مالک کو 1لاکھ روپے کا جرمانہ عائد کیا اسسٹنٹ کمشنر گوجرخان نے کہا کہ کسی کو بھی عوام کے حق پر ڈاکہ ڈالنے کی ہرگز اجازت نہیں دی جائے گی ناپ تول میں کمی کے مرتکب ہونے والے پمپس مالکان کے خلاف ایسی کارروائیاں بلاتفریق جاری رہیں گی

بقیہ 22
وہ ڈگری کے فاؤنڈیشن اسسٹڈ خان پبلک اسکول میں زندگی فاؤنڈیشن اور NCHD کی طرف سے شجرکاری مہم کے سلسلے میں منعقد تقریب سے خطاب کر رہے تھے۔ شجرکاری م تقریب میں سینئر صحافی اشفاق احمد اشفی۔ زندگی فاؤنڈیشن کے نیاز گل منگسی۔ عنایت علی بلوچ۔ عرفان جمیل۔ خان محمد درس۔ شہباز علی چانگ اور دیگر معززین نے شرکت کی۔ اور شجرکاری مہم میں پودے بھی لگائے۔ خان پبلک اسکول کے پرنسپال راجیش کمار صوفی کا کہنا تھا کہ اس طرح پودے لگا کر ہم اپنے وطن کو سرسبز شادو آباد کر سکتے ہیں۔ مون سون کی شجرکاری کے لئے یکم اگست سے 15 اگست بہترین وقت ہے۔ اس موسم میں ہمیں زیادہ سے زیادہ شجرکاری کر کے زمین کے حسن میں اضافہ کرنے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا چاہئے۔ اس موقع پر خان پبلک اسکول کے طلبہ وطالبات نے بھی پودے لگائے۔ اور اپنی تعلیم کے ساتھ پودوں کی نشونما اور حفاظت۔ دیکھ بھال کرنے کے عزم کا بھی اعادہ کیا

بقیہ 23
پھوٹ کا شکار ہے جگہ جگہ گہرے کھڈے پڑنے سے حادثات میں روز بہ روز اضافہ ہو رہا ہے جس سے جانی و مالی نقصان ہونا معمول بن چکا ہے۔ روڈ پر سیوریج کے پانی سے کاروباری طبقہ بھی شدید پریشان ہے۔ حالیہ بارشوں کی وجہ سے یہ روڈ تالاب کا منظر پیش کر رہا ہے۔ روڈ پر گہرے کھڈوں کی وجہ سے گاڑیوں کا شدید نقصان ہو رہا ہے۔ روڈ پر تمام کاروبار ٹھپ ہو کر رہ گئے ہیں۔ علاقہ مکینوں اور راہ گیروں کو گزرنے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے۔ علاقہ مکینوں اور مسافروں نے احتجاج کرتے ہوئے وزیراعظم پاکستان اور وزیراعلی پنجاب سے روڈ کی تعمیر کا مطالبہ کیا ہے

بقیہ 24
میں اضافہ ہوا ہے۔ ایف بی آر کے مطابق رواں مالی سال 34 لاکھ ٹیکس گزاروں نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائے، جب کہ گزشتہ مالی سال میں 30 لاکھ ٹیکس گزاروں نے انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرائے تھے۔ دوسری جانب فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے رواں مالی سال 2022-23 کے لیے مقرر کردہ 7ہزار 470 ارب روپے کی ٹیکس وصولیوں کا ہدف حاصل کرنے کے لیے نادرا سے مدد لینے کا فیصلہ کیا ہے۔ حکام کے مطابق نادرا سے زیادہ اخراجات والے مزید ساڑھے 3ہزار افراد کا مکمل ڈیٹا طلب کر لیا گیا ہے جبکہ ٹریک اینڈ ٹریس اور پوائنٹ آف سیل سسٹم سے بھی مدد لینے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ ٹیکس نیٹ بڑھانے کے لیے غیر ملکی دوروں، مہنگی گاڑیوں، جائداد کی خریداری کا ریکارڈ چیک کیا جائے گا۔ ٹیکس نیٹ بڑھانے کے لیے آڈٹ سسٹم بھی استعمال کیا جائے گا جبکہ ٹیکس نادہندگان کے بینک اکاؤنٹس کی جانچ پڑتال ہوگی۔

بقیہ 25
اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 02 ملزمان کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان میں ارباب اور مدثر شامل ہیں، ملزمان سے مسروقہ رقم 08 ہزار روپے اور وارداتوں میں استعمال ہونے والا اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد ہوا، ایس ایچ او نے بتایا کہ ملزمان متعدد مقدمات میں ریکارڈ یافتہ ہیں، ملزمان کو شناخت پریڈ کے لیے جیل منتقل کیا گیا ہے۔ ایس پی پوٹھوہار رانا عبدالوہاب نے ویسٹریج پولیس کو شاباش دیتے ہوئے کہا کہ ملزمان کو قرار واقعی سزا دلوانے کے لیے تمام قانونی تقاضے پورے کیے جائیں گے، شہریوں کے جان ومال کی حفاظت اولین ذمہ داری ہے جس کے لیے تمام وسائل بروئے کار لائے جا رہے ہیں۔

بقیہ 26
بہہ گیا جس سے بارشوں کے باعث لوگ شدید مشکلات کا شکار ہیں آج نہ تو بچے سکولوں کو جا سکے اور نہ ہی کوئی شخص کام کے لیے گاؤں سے باہر نکل سکا بارشی پانی کی وجہ سے راستے میں گڑھے اور دلدل بن چکی ہے جو کسی بھی وقت کسی بڑے حادثہ کا سبب بن سکتی ہے علاقہ مکینوں نے میڈیا نمائندگان سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ حکام بالا اور سیاسی پردھانوں سے بارہا اپیل کی جا چکی ہیں مگر کہیں سے شنوائی نہیں ہو سکی

بقیہ 27
پتنگ فروشوں اور پتنگ بازوں کے خلاف کارروائیاں جاری رکھی جائیں گی۔

بقیہ 28
کو روانہ کروادیا۔ ریسکیو سٹاف نے بیہوش مزدور کو CPR کرتے ہوئے ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال مظفرگڑھ منتقل کیا۔ جہاں ڈاکٹر نے طبی معائنہ کرنے کے بعد ڈیڈ ڈیکلیئر کر دیا ہے۔

بقیہ 29
پرانچارج بیگر اسکواڈز نے اپنی اپنی ٹیموں کے ہمراہ پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے، 35 بھکاریوں کو گرفتار کر کے راولپنڈی شہر کے مختلف تھانوں میں بند کروایا۔ اس موقع پر ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان نے کہا کہ خصوصی بیگر سکواڈ بھر پور محنت کر رہا ہے، پیشہ ور بھکاری راولپنڈی شہر کی مختلف شاہراہوں اور چوک چوراہوں کھڑے ہو کر نہ صرف ٹریفک کی روانی کو متاثر کرتے ہیں بلکہ حادثات کا بھی اندیشہ بناتے ہے لہذا عوام سے بھی گزارش ہے کہ ایسے عوامل کی حوصلہ شکنی کی جائے اس سے نہ صرف معاشرے میں بہتری آئے گی بلکہ ٹریفک کی روانی بھی بہتر ہوگی۔

بقیہ 30
وقت ملک میں بجلی کی کل پیداوار 19ہزار 550 میگاواٹ ہے جس میں پانی سے بجلی کی پیداوار 7 ہزار 796 میگاواٹ تک پہنچ گئی۔ حکام کے مطابق تربیلا، غازی بروتھا، منگلا، وارسک سمیت واپڈا کے بجلی گھروں سے 7022 میگاواٹ کی جبکہ نجی کمپنیوں کے بجلی گھروں میں 774 میگاواٹ کی بجلی پیدا کی جا رہی ہے۔ خیال رہے کہ نیلم جہلم کی بندش سے 969 میگاواٹ بجلی سسٹم میں موجود نہیں۔ 969 میگاواٹ کا نیلم جہلم ہائیڈرو پاور پراجیکٹ ٹیل ریس ٹنل میں بڑی دراڑیں پڑنے کی وجہ سے بند کر دیا گیا ہے۔

بقیہ 31
لاش کی اطلاعات، میونسپل کمیٹی خان گڑھ کے واٹر پلانٹ میں رات گزارنے والا عبدالستار نامی شخص واٹر پلانٹ میں ہی دم توڑ گیا۔ لاش کی اطلاع پولیس کو کر دی گئی۔

بقیہ 32
پر وزیراعلی سندھ نے کہا کہ چھٹی مردم شماری میں سندھ کی آبادی کم دکھائی گئی تھی لیکن اس بار مردم شماری کے لئے ورک پلان، سوالنامہ اور مانیٹرنگ کمیٹی بنائی گئی۔ اجلاس کے دوران وزیراعلی سندھ کو چیف اسٹیٹیشن ڈاکٹر نعیم ظفر نے بریفنگ دی اور بتایا کہ وفاقی حکومت نے سینسز ایڈوائزری کمیٹی (سی اے سی) قائم کی ہے۔ کمیٹی میں تمام صوبوں سے معروف ڈیموگرافرز اور ماہرین لئے گئے جبکہ کمیٹی کے سربراہ ڈپٹی چیئرمین پلاننگ کمیشن ہونگے۔

بقیہ 33
4.47 فیصد اور دیہی علاقوں میں 4.17 فیصد بڑھی۔ رپورٹ میں بتایا گیا کہ جولائی میں سبزیاں 25.14 فیصد، پیاز 13.65، دال چنا 13.87، آلو 10.87، خوردنی تیل 7.66 اور گھی 5.11 فیصد مہنگا ہوا۔ رپورٹ کے مطابق جولائی میں چنے 5.36، دال مسور 9.01، دال ماش 9.73، دال مونگ 2.67، آٹا 6.34، چائے 8.98، چکن 3.02، پھل 7.11 اور ٹماٹر 12.48 فیصد مہنگے ہوئے۔ اس کے علاوہ گزشتہ ماہ جولائی میں چکن 3.02 فیصد، پھل 7.1 اور ٹماٹر 12.46 فیصد سستے ہوئے۔

بقیہ 34
سائیکل سوار شدید زخمی 1122 ٹیم نے زخمی کو ہسپتال منتقل کر دیا، اہل علاقہ سراپا احتجاج 50ہزار آبادی والے قصبہ میں نہ ہی کوئی وارڈن ٹریفک ہنگم شہریوں کے لیئے سڑک عبور کرنا موت کا کنواں بن چکا ہے، یوٹرن کا فقدان سالانہ درجنوں گھروں کے چراغ گل ہونے پر عوامی نمائندگان، موٹر وے اور پنجاب حکومت کے لیئے لمحہ فکریہ ہے، تفصیلات کے مطابق دو پہر گیارہ بجے کے قریب دو خواتین سڑک عبور کر رہی تھیں کی ٹرالر نمبری TLN/952 تیز رفتار نے روند کر موٹر سائیکل سوار نمبری LEL1489 کو ٹکر ماردی جس کے نتیجے میں دونوں خواتین بری طرح کچلیں گئیں اور موقع پر ہی دم توڑ گئیں موٹر سائیکل سوار شدید زخمی ہونے پر ریسکیو ٹیم نے ہسپتال منتقل کر دیا جس کی حالت تشویشناک بتائی جا رہی ہے۔

بقیہ 35
دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ سابق رکن قومی اسمبلی میاں خرم جہانگیر خاں وٹو، سابق رکن پنجاب اسمبلی میاں معظم جہانزیب خاں وٹو اور سیکرٹری اسمبلی عنایت اللہ لک بھی ملاقات میں موجود تھے۔ سپیکر محمد سبطین خان نے کہا کہ پنجاب میں پی ٹی آئی کی شاندار کامیابی، عوام کے دلوں میں عمران خان کی مقبولیت کا منہ بولتا ثبوت ہے، عوام باشعور ہیں، لاہور کے عوام نے بھی مسلم لیگ (ن) کو مسترد کر کے عمران خان کے بیانئے کو تقویت دی ہے۔

بقیہ 36
سالوں سے فارن فنڈنگ کیس لٹکا ہوا ہے، دنیا کے معروف اخبارات بھی عمران خان کو بے نقاب کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گھڑی تک نہ چھوڑنے والے کو صادق اور امین نہیں کہہ سکتے، ملکی معاشی صورتحال دیکھتے ہوئے ہم نے اپنی سیاست کی قربانی دی۔ میاں جاوید لطیف نے کہا کہ حکومت میں رہ کر ستمبر 2022 میں الیکشن کی بات کو قیامت قرار دیتا تھا، آج حکومت سے باہر رہ کر کہہ رہا ہے کہ 2022 میں الیکشن نہ ہوئے تو قیامت آ جائے گی۔ میاں جاوید لطیف نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ 18 سے 25 سال کے نوجوان کو گمراہ کرنے میں عمران خان کا کردار ہے۔

بقیہ 37
نے مسلم لیگ (ق) کے مستقبل کے حوالے سے قریبی رفقاء سے مشاورت شروع کر دی جس کے دوران کامل علی آغا کی زیرصدارت سی ای سی میں ہوئے فیصلوں کا بھی جائزہ لیا گیا۔ چودھری شجاعت کا کہنا تھا کہ پارٹی کے لئے ہماری قربانیوں کو نظرانداز کیا گیا، مشاورت کے دوران موجودہ سیاسی صورتحال اور آئندہ کی سیاسی حکمت عملی پر اہم فیصلے کئے گئے۔

بقیہ 38
سیاسی کارکن اور طلبا شامل ہیں۔ ان میں سے زیادہ تر کو کالے قوانین پبلک سیفٹی ایکٹ اور یو اے پی اے کے تحت گرفتار کیا گیا۔ فوجیوں نے گزشتہ ماہ محاصرے اور تلاشی کی کارروائیوں کے دوران 2 نوجوانوں کو زخمی جبکہ ایک مکان کو تباہ کیا ہے۔

بقیہ 39
بجلی کے بلوں پر ٹیکس لگایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ ٹیکس بند دکانوں اور زیرو میٹر ریڈنگ کی تفریق کیے بغیر کمرشل بلوں میں شامل کیا گیا جب کہ تاجر پہلے ہی ایڈوانس ٹیکس، ایکسٹرا ٹیکس، فیول پرائس ایڈجسٹمنٹ اور دیگر ٹیکس ادا کر رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایسے حالات میں بجلی کی قیمتوں کو کم کیا جانا چاہیے تھا۔ جیسے ہی بجلی کی قیمت بڑھتی ہے تو ٹیکسوں کی شرح میں بھی اضافہ ہو جاتا ہے۔ پاکستان کا چھوٹا تاجر بل ادا کرنے کی سکت نہیں رکھتا۔ بار بار حکومت سے گزارش کی کہ بجلی بلوں پر لگائے جانے والے اس ٹیکس کو ختم کیا جائے، مگر وفاقی وزیر خزانہ نے پاکستان کی نمائندہ تاجر تنظیم کے ساتھ اس ٹیکس کو لگاتے ہوئے کوئی بات نہیں کی۔ تاجر رہنماں نے کہا کہ پاکستان کے چھوٹے تاجروں پر فکس ٹیکس لگایا جائے تاکہ وہ ایف بی آر کے اہلکاروں کی بلیک میلنگ کا سامنا نہ کریں۔ سیلز ٹیکس چھوٹے تاجروں پر لاگو ہی نہیں ہوتا۔ جس کا 100 روپے بل ہے وہ بھی 8 ہزار روپے ادا کرنے پر مجبور ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا تاجر سیلز ٹیکس لگے بل جمع نہیں کرائے گا۔ کاشف چودھری کا کہنا تھا کہ پاکستان بھر کے تاجر اس وقت سڑکوں پر احتجاج کر رہے ہیں۔

بقیہ 40
ہائیکورٹ کے احاطے میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے عطاءاللہ تارڑ نے کہا کہ عدالت میں استدعا کی ہے کہ سپیکر پنجاب اسمبلی کا الیکشن دوبارہ کرایا جائے، بیلٹ پیپرز پر سیریل نمبر درج کر کے کھلی دھاندلی کی گئی ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ اس شخص کے لیے این آر او ہے جو کہتا ہے کہ اتنی سے منی لانڈرنگ کی ہے، آج یہ چیف الیکشن کمشنر کے خلاف قرار دادیں لا رہے ہیں۔ چیف الیکشن کمشنر کی تعیناتی میں پی ٹی آئی کے پرویز خٹک تائید کنندہ تھے، فرح اور احسن گجر کی کرپشن ایک طرف، فارن فنڈنگ کا بھی حساب دینا ہو گا۔ انہوں نے کہا کہ غداری کا الزام اور کوئی مذہبی ٹچ کا بیانیہ نہیں چلے گا، ہمیں کہتے تھے کہ رسیدیں نکالو، عمران خان اب آپ کو رسیدیں دینی ہیں، ممنوعہ فنڈنگ لینے پر تو اس جماعت پر پابندی لگنی چاہیے۔

بقیہ 41
آمد پر ہوائی اڈے پر وزیراعظم کا استقبال وزیراعلی بلوچستان میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزرا اور اراکین صوبائی اسمبلی نے کیا۔ وزیراعظم کے ہمراہ وفاقی وزرا بھی تھے۔ وزیراعظم کو ایئرپورٹ پر چیف سیکریٹری نے سیلاب کی صورتحال پر بریفنگ دی۔ وزیراعظم شہباز شریف کو بریفنگ میں بتایا گیا کہ بلوچستان میں 13 جون سے بارشوں کا سلسلہ شروع ہوا اور صوبے میں بارش کا 30 سالہ ریکارڈ ٹوٹ گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ماضی کے مقابلے میں 500 فیصد بارشیں زیادہ ہوئیں جبکہ ان بارشوں اور سیلاب سے بلوچستان میں 136 اموات اور 70 افراد زخمی ہوئے، 1100 لوگ معمولی زخمی ہوئے، جن کو ابتدائی طبی امداد دی گئی۔ وزیراعظم کو بتایا گیا کہ صوبے میں سیلاب سے 2 لاکھ ایکڑ اراضی زیر آب آ گئی اور 20 ہزار سے زائد افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کر دیا گیا۔ بریفنگ میں بتایا گیا کہ ایم 8 اور کوئٹہ، کراچی قومی شاہراہیں بڑی حد تک بحال کر دی گئی ہیں۔ وزیراعظم شہباز شریف نے جاں بحق افراد کے لواحقین کو معاوضہ 24 گھنٹوں میں ادا کرنے کا حکم دیا اور جزوی یا مکمل تباہ مکانوں کا معاوضہ بڑھا کر 5 لاکھ روپے کر دیا گیا۔ اس موقع پر وزیراعظم کا کہنا تھا کہ چیلنج بڑا ہے لیکن مل کر مقابلہ کریں گے۔ انھوں نے بحالی اور امداد کیلئے این ایچ اے کی کوششیں کو قابل تحسین قرار دیا اور ہدایت کی کہ میڈیکل کیمپوں کا جال پھیلایا جائے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے یہ بھی کہا کہ غیر معمولی بارشوں سے بڑے پیمانے پر نقصانات ہوئے ہیں، صوبے میں قیمتی انسانی جانوں کے نقصان کیساتھ انفراسٹرکچر تباہ ہوا ہے تاہم وفاق اور بلوچستان حکومت بحالی اور آبادکاری کیلئے پرعزم ہیں۔ انھوں نے کہا کہ جب تک آخری گھر آباد نہیں ہوتا، چین سے نہیں بیٹھیں گے، اس سلسلے میں مخیر حضرات بھی آگے آئیں۔ کوئٹہ پہنچنے سے قبل چیئرمین این ڈی ایم اے نے ریسکیو ریلیف اور امدادی کارروائیوں پر وزیراعظم شہباز شریف کو بریفنگ بھی دی۔

بقیہ 42
جس میں جاں بحق اور بچ جانے والے دو افراد کو کوٹلی اسپتال منتقل کیا گیا۔ انتظامیہ نے علاقے میں ہائی الرٹ کرتے ہوئے لوگوں کو وہاں سے نکلنے کی ہدایت کی۔ جاں بحق ہونے والوں میں سات بچے اور تین خواتین شامل ہیں، تمام افراد کا تعلق ایک ہی خاندان سے ہے۔ شدید بارش سے نالے میں طغیانی کے باعث زخمیوں کو ہسپتال منتقل کرنے میں مشکل پیش آئی، مکان مکمل تباہ ہونے سے ڈیڈ باڈیز کو اسکول میں رکھا گیا۔ اطلاعات کے مطابق جاں بحق بچوں میں ایک بچہ مہمان بھی تھا۔ وزیراعظم آزاد کشمیر تنویر الیاس نے ہلاکتوں پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ جاں بحق افراد کے لواحقین کے دکھ میں برابر کے شریک ہیں، غم کی اس گھڑی میں لواحقین کے ساتھ ہیں، اللہ تعالی سے دعا ہے کہ جاں بحق بچوں کے لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بقیہ 43
کہا کہ اسپیکر قومی اسمبلی تو استعفے روکنے کا مجاز ہی نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ساڑھے 3 ماہ بعد مرضی کے 11 استعفے منظور کیے گئے، یہ جو تماشا لگایا گیا ہے، ہم اس کے خلاف آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 11 اپریل کو اسمبلی کے فلور پر ہمارے 125 لوگوں نے کہا ہم نے استعفے دے دیے۔ 13 اپریل کو ڈپٹی اسپیکر قاسم سوری نے استعفے منظور کر لیے۔ انہوں نے کہا کہ الیکشن کمیشن کے پاس کیا اختیار تھا کہ وہ 3 ماہ قبل سارے استعفے منظور نہ کرے۔ سابق وفاقی وزیر نے کہا کہ الیکشن کمیشن نے 11 استعفے منظور کر لیے، اب الیکشن کمیشن کے خلاف ریفرنس دائر کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دو صوبائی اسمبلیوں میں قرارداد پاس ہو چکی، یہ الیکشن کمیشن منظور نہیں، سوشل میڈیا کے نوجوانوں سے گزارش ہے کہ الیکشن کمیشن کے لیے کیا نشان ہے تجویز کریں، الیکشن کمیشن کس نشان پر پی ڈی ایم کا حصہ بن سکتا ہے؟ دوسری جانب پی ٹی آئی ارکان کے استعفوں کی منظوری کا دوسرا مرحلہ رواں ہفتے سے شروع کرنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس سلسلے میں اسپیکر قومی اسمبلی قانونی و آئینی ماہرین کے علاوہ حکمران اتحاد سے مزید مشاورت کے بعد فیصلہ کریں گے۔ ذرائع کے مطابق اسپیکر قومی اسمبلی راجہ پرویز اشرف کی طرف سے تحریک انصاف کے مزید 11 اراکین کے استعفے منظور کیے جانے کا قوی امکان ہے، جنوبی پنجاب اور خیبر پختونخوا کے اضلاع سے تعلق رکھنے والے اراکین کے استعفے منظور کیے جائیں گے۔ ذرائع کے مطابق مالاکنڈ اور لیہ سے تعلق رکھنے والے اراکین سمیت دیگر کے استعفے بھی منظور کیے جانے کا پلان ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق مخصوص نشستوں پر بھی کچھ خواتین اراکین کے استعفے بھی منظور کیے جائیں گے۔ واضح رہے کہ عمران خان، شاہ محمود قریشی، اسد عمر، مراد سعید سمیت پی ٹی آئی کی مرکزی لیڈر شپ کے استعفے تاحال منظور نہیں کیے گئے۔

بقیہ 44
عالیہ میں لاپتا افراد کیسز میں اہل خانہ کی کفالت سے متعلق درخواست کی سماعت ہوئی جس میں درخواست گزار کے وکیل سعادت یار خان ایڈووکیٹ نے موقف دیا کہ عدالت اس سے پہلے گمشدہ شہریوں کے اہل خانہ کی کفالت کا حکم دے چکی ہے۔ دوران سماعت عدالت نے استفسار کیا کہ کیا لاپتا شہری سرکاری ملازم ہے۔ ضروریات ہر شہری کی ایک جیسی ہیں، آئینی حقوق مساوی ہیں۔ وکیل نے عدالت کو بتایا کہ درخواست گزار کے شوہر دینی مدرسے کے ملازم تھے۔ سرکاری اہل کاروں نے فروری میں گلشن اقبال سے اغوا کیا۔ جبری گمشدگی کی ایف آئی آر درج ہو چکی ہے۔ بازیابی تک کفالت کا حکم دیا جائے۔ درخواست گزار کی 5 بیٹیاں اور ایک بیٹا ہے۔ عدالت نے لاپتا افراد کے اہل خانہ کی کفالت سے متعلق درخواست پر وفاقی حکومت کو 24 اگست کے لیے نوٹس جاری کرتے ہوئے جواب طلب کر لیا۔

بقیہ 45
50 پیسے کا ہو گیا۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج (پی ایس ایکس) میں 100 انڈیکس 84 پوائنٹس اضافے سے 40234 کی سطح پر کاروبار ہوا۔

بقیہ 46
متعلق درخواست پر فیصلہ سنا دیا۔ عدالت نے تفتیشی افسر کی میڈیکولیگل رپورٹ کرانے کی درخواست مسترد کر دی۔ مقدمے کے ضمنی چالان پیش کرنے کیلئے تفتیشی افسر نے عدالت سے مہلت طلب کر لی۔ جوڈیشل مجسٹریٹ شرقی کراچی کی عدالت نے تفتیشی افسر کی مہلت سے متعلق درخواست منظور کر لی۔ عدالت نے تفتیشی افسر کو 6 اگست تک ضمنی چالان جمع کرانے کی مہلت دیتے ہوئے کیس کی مزید سماعت 6 اگست تک ملتوی کر دی۔

بقیہ 47
پاس کیا۔ عدالت نے کہا کہ تعلیم مکمل ہونے کے بعد یونیورسٹی نے داخلہ اس لئے منسوخ کیا کہ پانچواں چانس نہیں لے سکتی۔ دوران تعلیم یونیورسٹی اور پی ایم ڈی سی نے غفلت کا مظاہرہ کیا اور کوئی ایکشن نہیں لیا۔ یونیورسٹی ابتدا میں کوئی فیصلہ کرتی تو اس کا فیصلہ درست قرار دیا جاسکتا تھا۔ عدالت نے کہا کہ تعلیم مکمل ہونے اور پریکٹس شروع کرنے کے بعد رجسٹریشن کی منسوخی انصاف کے منافی ہوگا۔ خیبر یونیورسٹی کی اپیل میں وکیل نے استدعا کی کہ عدالت طالبہ کو یونیورسٹی کو ہرجانہ ادا کرنے کا حکم دے، جس پر عدالت نے کہا کہ جرمانے عائد کرنا متعلقہ ادارے کا کام تھا، ہمارا نہیں۔ آپ خود سوئے رہے اور ہمیں کہہ رہے ہیں جاگ جائیں۔ عدالت نے خیبر یونیورسٹی کی اپیل خارج کر دی۔

بقیہ 48
گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ مسلم لیگ (ن) کی حکومت ملکی معیشت کو درست سمت پر گامزن کرنے کیلئے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے، حکومت نے اپنے سابقہ دور حکومت میں بھی تعلیم اور صحت کے شعبوں میں نمایاں کام کیا انشا اللہ ملک کو بحرانوں سے نکال کر دم لیں گے۔ انہوں نے کہا کہ عمران خاں صرف اپنے مقاصد کیلئے ملک کے اندر انتشار چاہتے ہیں، دراصل پی ٹی آئی جھوٹی کہانیاں گھڑتی اور پھیلاتی ہے۔

بقیہ 49
پی آر کے مطابق پاکستان میں چین کے سفیر اور چینی سفارت خانے کے حکام نے تقریب میں خصوصی شرکت کی اور چینی سفیر نے تقریب کی میزبانی پر آرمی چیف کا شکریہ ادا کیا۔ اس موقع پر چینی سفیر نے کہا کہ پاکستان اور چین میں برادرانہ تعلقات ہیں اور دونوں ممالک اسٹریٹجک شراکت دار ہیں۔ انہوں نے کہا کہ چین اور پاکستان کی مشترکہ تعاون کمیٹی کا اجلاس حال ہی میں منعقد ہوا جو باہمی تعلقات میں نئی پیشرفت ہے، پاک چین فوجی تعاون کے فروغ کے لیے نیا سیٹ اپ بنایا گیا ہے، یہ نظام فوجی رابطوں میں فروغ کے لیے اہم پلیٹ فارم ثابت ہوگا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ کے مطابق آرمی چیف نے چین کے دفاع، سلامتی اور قومی تعمیر میں پیپلز لبریشن آرمی کے کردار کو سراہا۔ جنرل قمر جاوید باجوہ نے کہا کہ دونوں ممالک کے تعلقات کی جڑیں گہری ہیں، پی ایل اے اور پاک آرمی برادرزان آرمز ثابت ہوئے ہیں اور مستقبل میں بھی دونوں ممالک کے درمیان ہر سطح پر تعاون جاری رہے گا۔

بقیہ 50
پھینک دی اطلاع پر پولیس نے لاش کو تحویل میں لیکر پوسٹمارٹم کیلئے ٹی ایچ کیو ہسپتال منتقل کیا اور ضروری کارروائی کے بعد ورثا کے حوالہ کر دی ہی۔

بقیہ 51
سے پہلے ہو سکتا ہے۔ پاکستان اور آئی ایم ایف نے 2019 میں 6 ارب ڈالر کے بیل آؤٹ معاہدے، توسیعی فنڈ سہولت (ای ایف ایف) پر دستخط کیے تھے لیکن ایک ارب 70 کروڑ ڈالر کی (ساتویں اور آٹھویں) اقساط کا اجرا رواں سال کے آغاز میں اس وقت روک دیا گیا تھا جب آئی ایم ایف نے معاہدے کی تعمیل کے حوالے سے پاکستان کے بارے میں تشویش کا اظہار کیا تھا۔ ایگزیکٹو بورڈ کی آخری مشاورت رواں سال 2 فروری کو ہوئی تھی، 13 جولائی کو آئی ایم ایف نے ای ایف ایف کے لیے مشترکہ ساتویں اور آٹھویں جائزوں پر عملے کی سطح پر ایک معاہدہ کیا، جسے جاری کرنے سے پہلے بورڈ کو منظور کرنا ہوتا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستان نے موسم گرما کی تعطیلات (یکم سے 12 اگست) سے پہلے بورڈ کی منظوری حاصل کرنے کی کوشش کی ہے اور کئی عہدیداروں کو واشنگٹن بھیجا تاکہ فنڈ کو ایسا کرنے پر آمادہ کیا جاسکے۔ رواں ہفتے کے اوائل میں آرمی چیف جنرل قمر جاوید باجوہ نے امریکی نائب وزیر خارجہ وینڈی شرمین کو ٹیلی فون کیا تھا تاکہ اس پیکیج کے لیے واشنگٹن کی حمایت حاصل کی جائے۔ ذرائع نے بتایا کہ پاکستانیوں کو مطلع کیا گیا تھا کہ یکم سے 12 اگست تک چھٹیاں ختم ہونے سے پہلے بورڈ میٹنگ کا انعقاد ممکن نہیں ہے کیونکہ بہت سے اراکین پہلے ہی چھٹی پر جا چکے ہیں۔ ذرائع نے کہا کہ آئی ایم ایف پاکستان کی مدد کرنے کا خواہشمند ہے، ان کی جانب سے کوئی تاخیر نہیں ہوئی لیکن اس عمل کو تیز کرنا ممکن نہیں تھا۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے پاکستان سے کہا ہے کہ وہ سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات سے یہ یقین دہانی حاصل کرے کہ آئی ایم ایف کی جانب سے قسط جاری ہونے کے بعد وہ ملک کو 4 ارب ڈالر کا متوقع قرض دیں گے۔ ایک سینئر سفارتی ذریعے نے بتایا کہ پاکستانیوں نے دونوں دوست ممالک سے یقین دہانی حاصل کی اور ان سے آگاہ کر دیا لہٰذا ہمیں بورڈ کی منظوری میں کوئی مسئلہ نہیں نظر آ رہا البتہ دیگر ذرائع نے بتایا کہ پاکستان کو خبردار کیا گیا تھا کہ سیاسی صورتحال کو ہاتھ سے باہر نہ جانے دیا جائے، حکومت کو کہا گیا تھا کہ اپوزیشن کی جانب سے سڑکوں پر تشدد اور احتجاج یا پی ٹی آئی رہنماؤں کے خلاف حکومتی کریک ڈاؤن معاہدے پر منفی اثر ڈال سکتا ہے۔ امریکی میڈیا نے تین روز قبل جنرل باجوہ کی امریکی سفارتی اور فوجی حکام کو کی گئی کالوں پر تبصرہ کرتے ہوئے نشاندہی کی تھی کہ 'پاکستان کی فوج، جس نے اپنی 75 سالہ تاریخ کے نصف سے زائد عرصے تک براہ راست ملک پر حکمرانی کی ہے، اس نے امریکا کے ساتھ مل کر کام کیا ہے اور القاعدہ کے خلاف دہشت گردی کے خلاف جنگ میں باضابطہ اتحادی ہے۔ ایک سفارتی ذریعے نے کہا کہ ان کالوں سے مدد ملی ہے لیکن امریکی بھی آئی ایم ایف کو اس کے طریقہ کار کو روکنے کے لیے قائل نہیں کر سکتے۔ پاکستان کو آئی ایم ایف کے قرض کی اشد ضرورت ہے۔ جولائی میں، فنڈ نے کہا تھا کہ اگر اس کے ایگزیکٹو بورڈ کی طرف سے منظوری دی جاتی ہے تو وہ بیل آؤٹ کی مالیت کو 6 ارب ڈالر سے بڑھا کر 7 ارب ڈالر کر دے گا۔ ایک اور رپورٹ میں بتایا گیا کہ آئی ایم ایف کے بیل آؤٹ پیکج کی بحالی سے پاکستان کو مدد ملے گی اور دیگر بین الاقوامی مالیاتی اداروں کو ملک کے ساتھ منسلک ہونے کی ترغیب ملے گی۔

بقیہ 52
لے رہی ہے۔ اپنے جاری کردہ بیان میں انہوں نے کہا کہ شہباز شریف کی قائدانہ اور انتظامی صلاحیتوں کا پول کھل چکا ہے، اورنج لائن ٹرین کی طرح کے سفید ہاتھی پراجیکٹس معیشت کی تباہی کا باعث بن رہے ہیں، اورنج لائن ٹرین کے منصوبے پر 40 ارب سالانہ قرضے اور سود کی ادائیگی ہے، ان تمام سفید ہاتھی منصوبوں پر قرضوں اور سود کی ادائیگی ڈالرز میں ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کی تاریخ کا سب سے نااہل اور نکما وزیراعظم شہباز شریف ثابت ہوا ہے، پاکستانی روپے پر دباؤ انہی منصوبوں پر قرضوں اور سود کی ادائیگی کی وجہ سے ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کے موجودہ سیاسی اور معاشی بحران کا حل فوری اور شفاف الیکشن ہے۔

بقیہ 53
بلوچستان میں پاک بحریہ کا ریلیف آپریشن مشکل کی گھڑی میں ہم وطنوں کی ہر ممکن مدد کرنے کے عزم کا عملی مظہر ہے۔

بقیہ 54
نوٹیفکیشن کے مطابق گریڈ 18 میں ریگولر بنیادوں پر ترقی پانے والوں میں محمد نصراللہ خان ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) بھکر، اویس نواز ڈپٹی سیکرٹری وزیراعلی آفس، عبدالرزاق سیکرٹری کرینکلم اینڈ ٹیکسٹ بک بورڈ لاہور، راؤ ضیاء اللہ خان ڈپٹی سیکرٹری لائیو سٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ، تسنیم علی ڈپٹی سیکرٹری دخلہ پنجاب، محمد اشرف ڈپٹی سیکرٹری ویلفیئر ایس اینڈ جی اے ڈی، شاہد محبوب ڈپٹی سیکرٹری (کوآرڈی نیشن) برائے ایڈیشنل چیف سیکرٹری، محمد عمران ڈپٹی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، عمران منیر ڈپٹی سیکرٹری انرجی، عمران ممتاز خان ڈپٹی سیکرٹری ماحولیات، محمد طیب خان ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ڈیرہ غازی خان، سید احسن رضا ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) ننکانہ صاحب، راحت جبین ڈپٹی سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر، محمد اکبر ڈپٹی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، علی عاطف ڈپٹی سیکرٹری (آئی اینڈ سی)، نعمان فاروق تارڑ ڈپٹی سیکرٹری مواصلات وتعمیرات، نوید الاسلام ورک ڈپٹی سیکرٹری خزانہ، آصف حسین شاہ ڈپٹی سیکرٹری وزیراعلی آفس، محمد سہیل اختر ڈپٹی سیکرٹری آبپاشی، محمد نجیب ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن) ویمن ڈویلپمنٹ، عاصم سلیم ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (ریونیو) ساہیوال، اینٹی کرپشن کی صوابدید پر موجود رانا آفتاب احمد، احسان اللہ ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) کوشاب، محمد عظیم ربانی ڈپٹی سیکرٹری (بجٹ اینڈ اکاؤنٹس) ایس اینڈ جی اے ڈی، الطاف حسین انصاری ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) چنیوٹ، سیف الرحمن ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) ڈیرہ غازی خان، مجاہد عباس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) چکوال، شاہد یعقوب ڈپٹی ڈائریکٹر (خوراک) راولپنڈی، سید منور عباس بخاری اسسٹنٹ کمشنر (جنرل) لاہور، عبدالجبار ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) بہاولنگر، ملک محمد سمیع ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (فنانس اینڈ پلاننگ) لیہ، محمود احمد ڈپٹی سیکرٹری آبپاشی، عبدالمنان ہیرا ڈپٹی سیکرٹری (ایڈمن) ایم پی ڈی ڈی، اعتزاز اسلم مارتھ ڈپٹی سیکرٹری ہائر ایجوکیشن، نازیہ موہل ڈپٹی سیکرٹری گورنر سیکرٹریٹ، عباس ذوالقرنین ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) اوکاڑہ، محمد اورنگزیب ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) قصور، محمد تنویر یاسین اسسٹنٹ کمشنر (جنرل) گوجرانوالہ، ملک احمد فراز اعوان ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) لودھراں، سید وسیم حسن ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) وہاڑی، فضل عباس ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر (جنرل) سرگودھا اور اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کی صوابدید پر موجود آصف علی کو بھی گریڈ 18 میں ریگولر بنیادوں پر ترقی دیدی گئی۔ علاوہ ازیں اسسٹنٹ کمشنر دینہ شاہد بشیر کو ایس اینڈ جی اے ڈی کے ایڈمنسٹریشن ونگ میں رپورٹ کرنے، تقرری کے منتظر محمد قاسم کو اسسٹنٹ کمشنر دینہ، اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ محمد مرتضی کو ایس اینڈ جی اے ڈی کے ایڈمنسٹریشن ونگ میں رپورٹ کرنے جبکہ تقرری کے منتظر اسامہ شاہ رون کو اسسٹنٹ کمشنر سیالکوٹ تعینات کر دیا گیا۔ محکمہ سروسز اینڈ جنرل ایڈمنسٹریشن ڈیپارٹمنٹ نے باخابطہ طور پر نوٹیفکیشن جاری کر دیا۔

بقیہ 55
میں کہا گیا کہ نئے ہجری سال آغاز کے ساتھ ہی عراق سے آنے والے عمرہ زائرین کا پہلا قافلہ مدینہ منورہ پہنچ گیا جہاں سعودی وزارت حج وعمرہ کے اعلی عہدیداروں نے امیر محمد بن عبدالعزیز انٹرنیشنل ایئرپورٹ پہنچنے پر 176 عراقی حاجیوں کا شاندار خیر مقدم کیا۔ واضح رہے کہ سعودی وزارت حج وعمرہ کا کہنا ہے کہ جو لوگ عمرہ کرنا چاہتے ہوں وہ اعتمرنا ایپ کے ذریعے پرمٹ حاصل کریں اس کے بغیر عمرے کی اجازت نہیں ہوگی۔

بقیہ 56
کے حصول کیلئے ممبران سینٹ میں لابنگ شروع کر دیں تاکہ ہوم ورک مکمل ہونے پر چیئرمین سینٹ صادق سنجرانی کے خلاف عدم اعتماد کی تحریک لائی جا سکے۔ اس وقت سینٹ میں حکمران اتحاد کو واضح اکثریت حاصل ہے اور ان کیلئے چیئرمین سینٹ کا عہدہ حاصل کرنیکا سنہرا موقع ہے۔ اس عہدے کی اہمیت اس وجہ سے زیادہ ہے کہ صدر مملکت کی رخصت یا عدم موجودگی میں چیئرمین سینٹ ہی قائم مقام صدر بنتے ہیں۔ حکمران اتحاد صدر مملکت ڈاکٹر عارف علوی کے مواخذہ پر بھی غور کر رہا ہے لیکن اس کیلئے دوتہائی اکثریت درکار ہے جبکہ چیئرمین سینٹ کو ہٹانے کیلئے سادہ اکثریت کی ضرورت ہے۔

بقیہ 57
اور ریسکیو ٹیموں نجائے وقوعہ پر پہنچ کر امدادی سرگرمیاں شروع کیں اور ملبے تلے دبے افراد کو نکال دیا۔ ریسکیو میڈیکل ٹیم نے زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد فراہم کرتے ہوئے ٹی ایچ کیو تخت بھائی مردان منتقل کر دیا۔ ریسکیو 1122 کے مطابق جاں بحق افراد میں اکبر ذادہ، والدہ نور خان، زوجہ بشیر جبکہ زخمیوں میں زوجہ نور خان، دختر نور خان، دختر نور خان اور حذیفہ شامل ہیں۔

بقیہ 58
مزاری کی نااہلی کیلئے تمام قانونی راستے اپنانے کی ہدایت کر دی۔ وکیل تحریک انصاف نے کہا کہ دوست مزاری کیخلاف سپیکر پنجاب اسمبلی کو مراسلہ جاری کر رکھا ہے، دوست مزاری نے اسمبلی اراکین پر تشدد اور سپریم کورٹ کے احکامات کیخلاف ورزی کی۔ ڈپٹی سپیکر نے 16 اپریل اور 22 جولائی کے وزیراعلی کے انتخاب کو متنازعہ بنایا۔ انہوں نے بتایا ہے کہ دوست مزاری کیخلاف الیکشن کمیشن اور لاہور ہائیکورٹ سے بھی رجوع کر رہے ہیں۔ ایم پی اے محمد رضوان کی جانب سے ہائیکورٹ اور الیکشن کمیشن رجوع کیا جا رہا ہے۔

شبیر شاہ کی کشمیریوں سے 5اگست کو یوم سیاہ کے طور پر منانے کی اپیل

سرینگر (این این آئی) غیر قانونی طور پر بھارت کے زیر قبضہ جموں وکشمیر میں کل جماعتی حریت کانفرنس کے سینئر رہنما اور ڈیموکریٹک فریڈم پارٹی کے چیئرمین شبیر احمد شاہ نے کشمیری عوام سے اپیل کی ہے کہ وہ 5اگست کو یوم سیاہ کے طور پر منائیں تاکہ دنیا کو یہ مضبوط پیغام دیا جاسکے کہ کشمیری جموں وکشمیر پر بھارت کے غیر قانونی قبضے کو تسلیم نہیں کرتے۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق نظربند رہنما نے نئی دہلی کی تہاڑ جیل سے ایک پیغام میں جسے سرینگر میں جاری کیا گیا، 5اگست 2019 کو بھارتی استعمار کی بدترین مثال قرار دیتے ہوئے کہا کہ بھارت نے اس دن مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت چھین لی۔ انہوں نے کہا کہ بھارتی حکومت کی انضمام کی کوشش بین الاقوامی قانون اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی کھلی خلاف ورزی ہے جو ایک قابض ریاست کے طور پر بھارت کو کسی بھی یکطرفہ کارروائی سے سختی سے روکتی ہیں۔ شبیر شاہ نے اسے غیر اخلاقی اور غیر قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ یہ اقدام اس وقت اٹھایا گیا جب مقبوضہ جموں وکشمیر کے پورے علاقے اور اس کی آبادی کو ایک سال سے زائد عرصے تک محاصرے میں رکھ کر یرغمال بنایا گیا اور مواصلاتی بندش لگا دی گئی۔ انہوں نے کہا کہ پوری کشمیری قیادت، سول سوسائٹی کے ارکان، دانشوروں، انسانی حقوق کے کارکنوں اور وکلاء کو مکمل طور پر خاموش کرانے کے لیے گرفتار کر کے سلاخوں کے پیچھے ڈال دیا گیا۔ حریت رہنما نے جدوجہد آزادی کو اس کے منطقی انجام تک پہنچانے کے کشمیریوں کے عزم کا اعادہ کرتے ہوئے کہا کہ بھارت کو اس حقیقت کو ذہن میں رکھنا چاہیے کہ غیر قانونی طاقت کا استعمال قوموں کی جدوجہد آزادی کو دبانے میں ہمیشہ ناکام رہا ہے اور کشمیر میں بھی ایسا ہی دیکھنے میں آیا جہاں کے عوام بھارت کے وحشیانہ جبر کے باوجود اپنی جدوجہد سے دستبردار ہونے کے لئے تیار نہیں ہیں۔

صحافیوں پر مودی حکومت کے حملے نہ روکے گئے تو بھارت میں صحافت قصہ پارینہ بن جائے گی

اسلام آباد (این این آئی) اگر دنیا صحافی برادری کے خلاف مودی حکومت کے حملوں کو روکنے میں ناکام رہی تو بھارت میں صحافت قصہ پارینہ بن جائے گی۔ کشمیر میڈیا سروس کے مطابق بھارت کے زیر قبضہ واحد مسلم اکثریتی علاقے جموں وکشمیر میں صحافیوں کو سنسرشپ کی دیگر اقسام کے علاوہ مقامی پولیس سٹیشنوں میں متواتر طلب کیا جا رہا ہے، ان کے پس منظر اور کوائف کے بارے میں معلومات اکٹھی کی جا رہی ہیں جس سے صحافی بری طرح متاثر ہو رہے ہیں۔ "دی وائر" میں شائع ہونے والی ایک خبر کے مطابق گزشتہ دو سال میں کم از کم 40 کشمیری صحافیوں کو ان کا پس منظر جاننے کے لیے بلایا گیا، ان کے کام اور سوشل میڈیا پر طرز عمل کی وضاحت کے لیے طلب کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق کئی کشمیری صحافیوں کو بیرون ملک سفر کرنے سے بھی روک دیا گیا ہے۔ کم از کم چھ کشمیری صحافیوں پر باضابطہ طور پر دہشت گردی کے الزامات عائد کیے گئے ہیں۔ مودی کے دور میں مقبوضہ جموں وکشمیر میں صحافت کی حالت پر بی بی سی کی ایک رپورٹ کے مطابق: "میڈیا کے لیے قتل ہونے والے کسی شخص کے رشتہ داروں کے بیانات کو رپورٹ کرنا جرم ہے اگر وہ موت کی وجہ، پوسٹ مارٹم یا پولیس موقف پر سوال اٹھاتے ہیں؟" رپورٹرز ود آؤٹ بارڈرز کے مرتب کردہ 180 ممالک کے سالانہ عالمی پریس فریڈم انڈیکس میں گزشتہ سال بھارت دو درجے گر کر 142ویں نمبر پر تھا۔ بھارت میں صحافیوں پر حملوں کا حوالہ دیتے ہوئے بی بی سی کی رپورٹ میں کہا گیا کہ بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ بھارت صحافیوں کے لیے غیر محفوظ ہوتا جا رہا ہے۔ گیتا سیشو کی جانب سے فری اسپیچ کلیکٹو کے لیے کی گئی ایک تحقیق کے مطابق 2020 میں 67 صحافیوں کو گرفتار کیا گیا اور تقریباً 200 پر باضابطہ حملے کئے گئے۔ ایک صحافی جو ریاست اتر پردیش میں ایک لڑکی کے ساتھ اجتماعی عصمت دری کی کوریج کرنے جا رہا تھا، پانچ ماہ سے جیل میں ہے۔

پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں طلبی کیخلاف سابق چیئرمین نیب کا ہائیکورٹ سے رجوع

ہائی کورٹ بار کے صدر شعیب شاہین کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی

درخواست میں استدعا کی گئی کہ 7جولائی کے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میٹنگ منٹس غیر قانونی قرار دیے جائیں،

اسلام آباد(اعجاز علی ساغر) سابق چیئرمین نیب جسٹس) ر (جاوید اقبال نے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میں طلبی کے خلاف اسلام آباد ہائی کورٹ سے رجوع کر لیا۔ ہائی کورٹ بار کے صدر شعیب شاہین کے ذریعے اسلام آباد ہائیکورٹ میں درخواست دائر کی گئی۔ درخواست میں استدعا کی گئی کہ 7جولائی کے پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میٹنگ منٹس غیر قانونی قرار دیے جائیں، پبلک اکاؤنٹس کمیٹی میٹنگ منٹس کے تناظر میں ڈائریکشن احکامات غیر قانونی قرار دیے جائیں اور پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو درخواست گزار کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی سے روکا جائے۔ درخواست میں سیکریٹری داخلہ، سیکریٹری قومی اسمبلی اور سیکریٹری پبلک اکاؤنٹس کمیٹی کو فریق بنایا گیا ہے۔ سابق چیئرمین (بقیہ نمبر 1)

آپریشنز کے دوران پاک فضائیہ کے ہیلی کاپٹرز نے 16,995 پاؤنڈز سے زائد امدادی سامان سیلاب سے متاثرہ علاقوں تک پہنچایا

متاثرہ علاقوں میں پاک فضائیہ کی جانب سے امدادی کارروائیاں جاری

پاک فضائیہ متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہے

اسلام آباد(نمائندہ عوامی للکار) پاک فضائیہ بلوچستان کے سیلاب سے متاثرہ علاقوں میں امدادی سرگرمیوں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہے۔ آپریشنز کے دوران پاک فضائیہ کے ہیلی کاپٹرز نے 16,995 پاؤنڈز سے زائد امدادی سامان سیلاب سے متاثرہ علاقوں تک پہنچایا جن کا زمینی رابطہ شدید بارشوں اور حالیہ سیلاب کے باعث منقطع ہو گیا تھا۔ ہیلی کاپٹرز کے ذریعے لے جانے والے امدادی سامان میں آٹا، گھی، چینی، دالیں، چائے اور جان بچانے والی ادویات شامل ہیں۔ ملک بھر میں نامساعد موسمی حالات کے باوجود (بقیہ نمبر 7)

راولپنڈی، لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) تھانہ بنی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے لڑکی سے زیادتی کرنے والا ملزم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق بنی پولیس کو مدعیہ نے درخواست دی کہ شکیل احمد نے گھر میں میری بھتیجی کو زیادتی کا نشانہ بنایا، بنی پولیس نے فوری طور پر مقدمہ درج کر کے ملزم شکیل احمد کو گرفتار کر لیا، ایس ایچ او نے بتایا کہ متاثرہ لڑکی کا میڈیکل پراسیس کروایا گیا ہے۔ ایس پی راول بابر جاوید (بقیہ نمبر 2)

راولپنڈی، ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار

راولپنڈی(این این آئی) تھانہ مری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم گرفتار کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق مری پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ضرر کے مقدمہ میں مطلوب اشتہاری مجرم محمد خیام کو گرفتار کر لیا، اشتہاری مجرم سال 2021 سے تھانہ مری پولیس کو مطلوب تھا۔

راولپنڈی، ناجائز اسلحہ رکھنے والے 4 ملزمان گرفتار، اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس نے ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کیخلاف کارروائیاں کرتے ہوئے 4 ملزمان گرفتار کر لئے، ملزمان کے قبضے سے اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد کر کے مقدمات درج کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق رتہ امرال پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے ملزم علی حیدر کو (بقیہ نمبر 3)

ماہ جولائی میں پیش آنیوالے حادثات کے بارے رپورٹ جاری

گزشتہ ماہ ریسکیو کنٹرول روم مظفر گڑھ میں 29324 کالز موصول ہوئیں

مظفر گڑھ(طارق عزیز) ڈسٹرکٹ ایمرجنسی آفیسر مظفر گڑھ ڈاکٹر حسین میاں نے گزشتہ ماہ (جولائی2022) میں پیش آنیوالے حادثات کے بارے رپورٹ جاری کر دی۔ انہوں نے بتایا کہ گزشتہ ماہ ریسکیو کنٹرول روم مظفر گڑھ میں 29324 کالز موصول (بقیہ نمبر 8)

گوجر خان بجلی کے بلوں میں فکس ٹیکس لگنے پر تاجران سراپا احتجاج

میں بازار پھاوالی گلی میں احتجاجاً پوری گلی کے دکانداروں نے بل جلا دیئے

گوجر خان(قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق فکس ٹیکس کے گوجر خان میں بازار پھاوالی گلی میں استاد مزمل اور دکانداروں نے بجلی کے بلوں کو آگ لگا دی شہر کے تاجروں نے بجلی کے بلوں پر فکس ٹیکس کے خلاف احتجاجاً بجلی کے بلوں کو آگ لگا دی اور فکس ٹیکس دینے سے انکار کر دیا اور اعلان کیا کہ اگر کوئی بجلی کاٹنے آیا تو اس کے ساتھ نپٹ لیا جائے گا(بقیہ نمبر 4)

MINISTRY OF INTERIOR
FEDERAL INVESTIGATION AGENCY, PAKISTAN

اسلام آباد ڈی جی ایف آئی اے محسن حسن بٹ کو چارج سنبھالنے کے بعد بریفنگ دی جا رہی ہے

جولائی میں ہدف سے زیادہ ٹیکس وصول، مزید اضافے کیلئے نادرا سے مدد طلب

پاکستان کسٹمز نے 67ارب کے محصولات اکھٹے کیے' انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوا

رواں مالی سال کے پہلے مہینے جولائی میں اکٹھے ہونیوالے محصولات میں اضافہ 10فیصد ریکارڈ ہوا

اسلام آباد(چیف رپورٹر) رواں مالی سال کے پہلے ماہ میں فیڈرل بیورو آف ریونیو) ایف بی آر (کے محصولات میں 10فیصد کا اضافہ ہو گیا۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق ماہ جولائی میں 458ارب روپے کے محصولات اکھٹے کیے گئے جب کہ اس سلسلے میں ایف بی آر نے مالی سال کے پہلے ماہ جولائی کے لیے 443ارب روپے محصولات کا ہدف رکھا تھا۔ گزشتہ مالی سال (بقیہ نمبر 5)

پٹرولنگ چیک پوسٹ شاہ نی لس کی کارروائی ناجائز اسلحہ برآمد

ملزم کے خلاف تھانہ گوجر خان میں مقدمہ درج ملزم پابند سلاسل

گوجر خان(قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق پٹرولنگ چیک پوسٹ شاہ نی لس کی کامیاب کارروائی دوران گشت مشکوک شخص سے ناجائز اسلحہ برآمد کر کے ملزم کو پولیس تھانہ گوجر خان کے حوالے کر دیا پٹرولنگ پولیس شاہ دی لس نے ایک شخص کے قبضہ سے لوڈ رائفل برآمد کر کے اسے گرفتار کر لیا سب انسپکٹر اشتیاق علی اور عدنان اقبال نے(بقیہ نمبر 9)

فواد چوہدری کو پنجاب کا وزیر داخلہ بنائے جانے پر غور

لاہور(بیورو چیف) تحریک انصاف کے مرکزی رہنما فواد چوہدری کو پنجاب کا وزیر داخلہ بنائے جانے پر غور کیا جا رہا ہے۔ ذرائع کے مطابق میاں محمود الرشید سینئر وزیر، ڈاکٹر مراد راس کو تعلیم، ڈاکٹر یاسمین راشد کو وزیر صحت، راجہ بشارت کو وزیر قانون، ہاشم جواں بخت کو وزیر خزانہ، راجہ یاسر ہمایوں کو وزیر ہائر ایجوکیشن، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور ٹورازم بنائے جانے کا امکان ہے۔

ٹریفک قوانین سے آگاہی دراصل حقوق العباد کا حصہ ہے

دینی اور دنیاوی تعلیم کیساتھ ٹریفک ایجوکیشن بھی ضروری ہے، چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی

راولپنڈی(این این آئی) چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی کے احکامات پر عمل پیرا سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کے ایجوکیشن ونگ کی سکول، کالج، یونیورسٹیز سمیت دینی مدارس میں بھی روڈ سیفٹی قوانین سے متعلق آگاہی مہم جاری ہے، چیف ٹریفک آفیسر نے کہا کہ دینی اور دنیاوی تعلیم کے ساتھ ٹریفک ایجوکیشن بھی ضروری ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیف ٹریفک آفیسر راولپنڈی نوید ارشاد کے احکامات پر عمل پیرا سٹی ٹریفک پولیس راولپنڈی کے ایجوکیشن ونگ کی سکول، کالج، یونیورسٹیز سمیت دینی مدارس میں بھی روڈ سیفٹی(بقیہ نمبر 10)

امریکا میں پاکستانی میڈیکل گریجویٹس کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگ گیا

اسلام آباد(بیورو چیف) امریکا میں پاکستانی میڈیکل گریجویٹس کے مستقبل پر سوالیہ نشان لگ گیا، پاکستانی کالجز سے گریجوایشن کرنے والے ڈاکٹرز جنوری 2024 کے بعد شاید امریکا میں کام نہیں کر سکیں گے کیونکہ پاکستان، ورلڈ فیڈریشن فار میڈیکل ایجوکیشن(ڈبلیو ایف (بقیہ نمبر 6)

سابق ریکارڈ یافتہ شانی بٹ ڈکیت گروہ کے دو ارکان گرفتار

قبضے سے مال مسروقہ، نقدی، زیورات، اسلحہ، موٹر سائیکل ودیگر سامان برآمد کر لیا گیا،

اسلام آباد(این این آئی) اسلام آباد کیپٹل پولیس سی آئی اے ٹیم نے جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ایکشن کرتے ہوئے بینکوں کے باہر شہریوں کو لوٹنے والے سابق ریکارڈ یافتہ شانی بٹ ڈکیت گروہ کے دو ارکان گرفتار کر لیا، گرفتار ملزمان کے قبضے سے مال مسروقہ 60 تولہ طلائی زیورات مالیتی 97لاکھ روپے، نقدی تین لاکھ روپے، وارداتوں میں استعمال ہونے والا موٹر سائیکل اور اسلحہ دو عدد 30 بور پسٹل معہ ایمونیشن برآمد کیا گیا ہے۔ ڈی آئی جی آپریشنز کی ہدایت پر ایس ایس پی انوسٹی گیشن نے برآمد ہونے والے طلائی زیورات اور نقدی انکے اصل مالکان کے حوالے کر دیں۔ تفصیلات کے مطابق ڈی آئی جی آپریشنز سہیل ظفر (بقیہ نمبر11)

پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں ایس ایس پی آپریشنز کی زیر صدارت محرم پلاننگ کے حوالے سے میٹنگ

راولپنڈی(این این آئی) پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کی زیر صدارت محرم پلاننگ کے حوالے سے میٹنگ کا انعقاد کیا گیا، میٹنگ میں ایس پی ہیڈ کوارٹرز، ایس پی سیکورٹی، انچارج ایلیٹ، لائنز افسر، انچارج کمانڈ اینڈ کنٹرول روم اور دیگر برانچ انچارجز نے شرکت کی، ایس ایس پی آپریشنز نے محرم الحرام کے حوالے سے لاجسٹکس، ٹرانسپورٹ، میس، ہیومن ریسورس اور کنٹرول روم سمیت اہم امور کا جائزہ لیا۔

مختلف علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کا معائنہ

زائد چارجنگ میں ملوث 03 دکانداروں/ ریسٹورنٹ منیجرز کو گرفتار کر لیا گیا

اسلام آباد(محمد فیصل ندیم۔ سے) ڈی سی اسلام آباد کی ہدایت پر اے سی سیکرٹریٹ نے بنی گالہ کے مختلف علاقوں میں اشیائے ضروریہ کی قیمتوں کی چیکنگ کی، پھلوں/ سبزیوں کی دکانوں، جنرل سٹورز، کیش اینڈ کیری، چکن/ گوشت کی دکانوں پر پولی تھین بیگز کے غیر مجاز استعمال کا معائنہ کیا۔ زائد چارجنگ میں ملوث 03 دکانداروں/ ریسٹورنٹ منیجرز کو گرفتار کر لیا گیا، دکانیں/ ریسٹورنٹ سیل کر دیے گئے۔ دیگر خلاف ورزی کرنے والوں کو قانون کے مطابق جرمانہ اور وارننگ دی گئی۔ نرسریوں میں ڈینگی لاروا کی جگہوں سے متعلق معائنہ بھی کیا گیا۔

تتہ پانی میں بارش کے باعث گھر کی چھت گر گئی، ایک ہی خاندان کے 10افراد جاں بحق

راولا کوٹ(نامہ نگار) آزاد کشمیر کے علاقے تتہ پانی میں بارش کے باعث گھر کی چھت گر گئی، ملبے تلے دب کر ایک ہی خاندان کے 10افراد جاں بحق اور ایک بچی زخمی ہو گئی۔ جاں بحق ہونے والوں میں پانچ بچے اور دو خواتین شامل ہیں، ملبے تلے دب کر شدید زخمی ہونے والے چار افراد کو ڈی ایچ کیو کوٹلی منتقل کر دیا گیا۔ ریسکیو 1122 حکام کا کہنا ہے کہ مکان میں 2 خاندان موجود تھے، مکان محکمہ ٹورازم کے ملازم محمد سعید کا بتایا جا رہا ہے۔

PUNJAB COUNCIL

راولپنڈی' ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام سب سے پہلے پاکستان فنکار ریلی سے خطاب کر رہے ہیں

خان گڑھ، منڈا چوک، ٹھٹھہ قریشی، بیٹ پنجاری میں بھی لمپی سکن وائرس کے وار جاری

لمپی سن وائرس نے ملک بھر کی طراح خان گڑھ اور گرد و نواح میں تباہی مچا دی

مظفر گڑھ (طارق عزیز) خان گڑھ، منڈا چوک، ٹھٹھہ قریشی، بیٹ پنجاری اور دیگر علاقوں میں بھی لمپی سن وائرس کے وار جاری۔ لمپی سن وائرس نے ملک بھر کی طراح خان گڑھ اور گرد و نواح میں تباہی مچا دی، کروڑوں روپے کے مویشی مہلک وائرس کا شکار۔ غریب سان جانوروں کو ویکسین لگوانے کے لئے در بدر ٹھوکرے کھا کر بے بس۔(بقیہ نمبر 12)

تلاشی آپکی حفاظت کیلئے ہیں، پولیس سے تعاون کریں

عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے، ڈی پی او خیبر

ضلع خیبر (اکبر آفریدی) تلاشی آپ کی حفاظت کے لیے ہیں۔ اس میں پولیس کے ساتھ تعاون کریں۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر خیبر ایس ایچ او باڑہ کے ہدایات پر ایڈیشنل انچارج برقمبر خیل شبیر آفریدی روزنامہ معمول کے مطابق برقمبر خیل مختلف چیک پوسٹ اور ناکہ بندیوں پر آج بھی بغیر کاغذات موٹر سائیکل کے تلاشی کا عمل جاری۔ علاقے میں امن و امان برقرار رکھنے کے لیے اس عمل کو جاری رکھا جائیگا۔ عوام کی جان و مال کی حفاظت پولیس کی اولین ترجیحات میں شامل ہے اس لیے عوام کو سے درخواست ہے کہ دوران (بقیہ نمبر 13)

راولپنڈی' ٹریفک پولیس ایجوکیشن ونگ کی جانب سے دینی مدرسہ میں ٹریفک قوانین سے متعلق آگاہی فراہم کی جا رہی ہے

پنجاب آرٹس کونسل کے زیر اہتمام'سب سے پہلے پاکستان' فنکار پرچم ریلی

راولپنڈی(این این آئی) پنجاب آرٹس کونسل میں پاکستان کی ڈائمنڈ جوبلی تقریبات کے سلسلے میں "سب سے پہلے پاکستان" فنکار پرچم ریلی کا اہتمام کیا گیا۔ ڈائریکٹر آرٹس کونسل وقار احمد کی قیادت میں ہونے والی ریلی مری روڈ سے شروع ہو کر آرٹس کونسل میں اختتام پزیر ہوئی، ریلی میں انجم جبیبی، یار محمد خان، راجہ عبدالستار، ارشد منہاس، سپنہ شاہ، سعید انور افضال لطیفی، ارشد (بقیہ نمبر 15)

پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس سے صدر کا خطاب، تنازع کا خدشہ

اسلام آباد (بیورو چیف) پارلیمنٹ کے مشترکہ اجلاس صدر مملکت کے خطاب سے تنازع کھڑا ہونے کا خدشہ ہے جو 14اگست کو یوم آزادی کے موقع پر متوقع ہے۔ قومی اسمبلی کا سال کی شروعات پر اجلاس اس وقت تک نہیں ہو سکتا جب تک پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں کا مشترکہ خصوصی اجلاس منعقد نہ ہو جائے اور صدر مملکت خطاب نہ کر لیں اس کے لئے کوئی شیڈول جاری نہیں ہوا ہے 11(بقیہ نمبر 14)

ٹاؤن کمیٹی خان گڑھ کے ڈسپوزل کنکشن منقطع کر دیئے گئے

ٹاون کمیٹی کے اہلکاروں کی محرم الحرام میں کام چھوڑ ہڑتال کی دھمکی

مظفر گڑھ(طارق عزیز) واپڈا سب ڈویژن خان گڑھ نے ٹاون کمیٹی خان گڑھ کے ڈسپوزل کنکشن منقطع کر دیے۔ جلوس روٹس پر گندگی کے انبار لگ گئے۔ ٹاون کمیٹی کے اہلکاروں کی محرم الحرام میں کام چھوڑ ہڑتال کی دھمکی۔ کوڑا کرکٹ اور کچرے سے بھری ٹرالیوں سمیت واپڈا آفس کے اندر احتجاج۔ تفصیل کے مطابق مظفر گڑھ کے واپڈا سب ڈویژن خان گڑھ کے لائن سپرنٹنڈنٹ نے ٹاون کمیٹی خان گڑھ کے ڈسپوزل کنکشن منقطع کر دیے جس سے محرم الحرام کے جلوس روٹس سمیت شہر بھر میں گندگی کے انبار لگ گئے (بقیہ نمبر 16)

راولپنڈی، گندم اور آٹے سے لدی5 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام

پولیس کی کارروائی، 5ڈرائیور گرفتار 2805 تھیلے آٹا 1110 تھیلے گندم برآمد

راولپنڈی(این این آئی) راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے گندم اور آٹے سے لدی 5 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنادی، پولیس نے 5 ڈرائیور گرفتار کر کے 2805 تھیلے آٹا، 1110 تھیلے گندم برآمد کر لئے۔ تفصیلات کے مطابق راولپنڈی پولیس اور محکمہ فوڈ نے مشترکہ کارروائیاں کرتے ہوئے گندم اور آٹے سے لدی 05 گاڑیاں سمگل کرنے کی کوشش ناکام بنا دی، 05 ڈرائیوروں کو گرفتار کر کے 2805 تھیلے آٹا، 1110 تھیلے گندم برآمد کر لی، نصیر آباد پولیس نے 04 ڈرائیوروں (بقیہ نمبر17)

کھڑے پانی کے باعث دیوار گرنے سے ایک خاتون جاں بحق

رقیہ بی بی زوجہ نصیر احمد صبح ساڑھے دس بجے مویشیوں کے لئے بھوسہ نکال رہی تھی

مظفر گڑھ(طارق عزیز) بارشوں کے کھڑے ہوئے پانی کے باعث دیوار گرنے سے ایک خاتون جاں بحق، ریسکیو کنٹرول روم مظفر گڑھ کے مطابق مظفر گڑھ کی تحصیل جتوئی کی بستی لنڈی پتافی میں 45 سالہ رقیہ بی بی زوجہ نصیر احمد پیر کی صبح ساڑھے دس بجے مویشیوں کے لئے بھوسہ نکال رہی تھی کہ گزشتہ بارشوں کے کھڑے ہوئے پانی کے باعث اچانک دیوار اس پر گر گئی جس کے نتیجے میں وہ شدید زخمی ہو کر بیہوش ہو گئی، اطلاع ملنے پر ریسکیو کنٹرول روم مظفر گڑھ نے فوری طور پر قریبی ریسکیو اسٹیشن شہر سلطان سے ایمبولینس کو(بقیہ نمبر 18)

لاہور' ٹریفک وارڈن نے بغیر حفاظت سریا لے جانے والے لوڈر رکشے کو روک رکھا ہے

ڈیڑھ ماہ میں مختلف حادثات میں 85 افراد ہلاک، سیلاب سے 28 اموات ہوئیں' پی ڈی ایم اے

لاہور(این این آئی) پی ڈی ایم اے نے بارشوں اور سیلاب سے اموات، نقصانات اور انتظامات کے حوالے سے 15جون سے 30 جولائی تک کے اعداد و شمار جاری کر دیئے۔ ترجمان پی ڈی ایم اے (بقیہ نمبر20)

راجووال، نہر سے نامعلوم شخص کی لاش برآمد کر لی گئی

راجووال(این این آئی) میں نہر سے بزرگ شخص کی لاش برآمد کر لی گئیں۔ تفصیلات کے مطابق راجووال میں نواحی گاں ڈولہ مستقیم کے قریب دیہاتیوں کو نہر میں ایک نعش تیرتی نظر آئی جسکی قریبی ریسکیو کو اطلاع دی گئی جس پر ریسکیو ٹیم نے موقع پر پہنچ (بقیہ نمبر19)

مذہبی مسئلے کی بنا پر اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان نے امام بارگاہ کو سیل کر دیا

اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان کی سید کسراں دو پٹرول پمپس کے خلاف بھی کاروائی،

گوجر خان(قمر شہزاد) تفصیلات کے مطابق اسسٹنٹ کمشنر گوجر خان مہر غلام عباس ہرل نے ڈپٹی کمشنر راولپنڈی کے احکامات پر سید کسراں کی امام بارگاہ کو سیل کر دیا جبکہ سید کسراں روڈ پر دو پٹرول پمپس کو گزشتہ رات چیک کرتے ہوئے 1لاکھ جرمانہ اور ایک پٹرول کو سیل کر دیا تھانہ جاتلی کے نواحی علاقہ سید کسراں میں دو فریقین کے درمیان مذہبی (بقیہ نمبر 21)

ایڈیٹر انچیف۔۔محمد فیصل ندیم

پبلشر علی رضا ملک نے نیو آرٹ مین پرنٹرز مری روڈ
راولپنڈی سے چھپوا کر آفس نمبر1 سٹی پلازہ متصل الہ دین
فن ہاؤس سکستھ روڈ راولپنڈی سے شائع کیا۔

رابطہ۔0309-7900035

فضل الرحمٰن کے دھمکی آمیز بیان مزید انتشار پیدا کرینگے

چاکلیٹ بیچنے والوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ آٹے اور گھی کا قحط پڑنے والا ہے' شیخ رشید احمد

حکمرانوں کے ذاتی کارخانے ٹھیک چل رہے ہیں۔ غریب کے گھر کا خانہ خراب ہو گیا ہے، سربراہ عوامی مسلم لیگ

راولپنڈی (نمائندہ عوامی للکار) عوامی مسلم لیگ کے سربراہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن کے دھمکی آمیز بیان مزید انتشار پیدا کریں گے۔ سابق وزیر داخلہ نے ٹوئٹر پر جاری اپنے بیان میں کہا کہ چاکلیٹ بیچنے والوں کو بتانا چاہتا ہوں کہ آٹے اور گھی کا قحط پڑنے والا ہے۔ 3روپے پیٹرول میں کمی اور 9روپے ڈیزل میں اضافہ قوم کے ساتھ مذاق کے مترادف ہے

سب سے اچھا تحفہ جو ہم اپنی نسلوں کو دے سکتے ہیں وہ درخت ہے

ہمیں چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور زندگی بچائیں، زندگی فاؤنڈیشن

ڈگری (رپورٹ/ محمد عاصم آرائیں) این جی او زندگی فاؤنڈیشن کے ڈائریکٹر عرفان زمان اعوان نے کہا ہے کہ سب سے اچھا تحفہ جو ہم اپنی نسلوں کو دے سکتے ہیں وہ درخت ہے۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ زیادہ سے زیادہ درخت لگائیں اور زندگی بچائیں۔ (بقیہ نمبر 22)

راولپنڈی، پتنگ فروش گرفتار، 100 پتنگیں اور ڈوریں برآمد

راولپنڈی (این این آئی) پیرودہائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش گرفتار کر لیا، ملزم کے قبضے سے 100 پتنگیں اور ڈوریں برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا۔ تفصیلات کے مطابق پیرودہائی پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے پتنگ فروش انس کو گرفتار کر لیا، ملزم سے 100 پتنگیں اور 05 ڈوریں برآمد کر کے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا۔ ایس پی راول بابر جاوید جوئیہ نے کہا کہ (بقیہ نمبر 27)

چھت پر کام کے دوران بجلی کی تاریں چھو جانے سے مزدور جاں بحق

مظفر گڑھ (طارق عزیز) چھت پر کام کے دوران بجلی کی تاریں چھو جانے سے مزدور جاں بحق، ریسکیو کنٹرول روم مظفر گڑھ کے مطابق مظفر گڑھ شہر میں علی پور روڈ پر سعید ایونیو میں چھت پر کام کرتے ہوئے آج صبح 10 بجے 32 سالہ مزدور پرویز ولد محمد یعقوب قریب سے گزرنے والی بجلی کی مین لائن کی تاروں کو ہاتھ لگنے سے جاں بحق ہو گیا، اطلاع ملنے پر ریسکیو کنٹرول روم نے فوری طور پر سنٹرل اسٹیشن مظفر گڑھ سے ایک ایمبولینس (بقیہ نمبر28)

فارن فنڈنگ کیس محفوظ فیصلہ ہفتہ رواں میں آنیکا امکان

کمیشن کسی کی بلیک میلنگ دباؤ میں نہ آیا ہے نہ آئیگا' الیکشن کمیشن

اسلام آباد (بیورو چیف) ممنوعہ فنڈنگ کیس جو کم و بیش 8سال تک الیکشن کمیشن آف پاکستان میں زیر سماعت رہا اور جس کا فیصلہ کئی ہفتے قبل الیکشن کمیشن آف پاکستان نے محفوظ کیا وہ فیصلہ اگست کے پہلے ہفتے عشرے کے اندر سنا دیا جائیگا۔ الیکشن کمیشن آف پاکستان کے ذرائع نے کہا ہے کہ جوڈیشل ریفرنس دائر کرنے والے کا اپنا ہی ناقابل تلافی نقصان ہوگا کیونکہ ایسے ریفرنس کی سماعت کے دوران اب تک پوشیدہ رہنے والے معاملات بے نقاب ہو جائیں گے۔

ممتاز علماء کرام و مشائخ عظام، خطباء و مذہبی شخصیات کا نمائندہ اجلاس

علماء کرام دوسرے مسالک کے اکابرین کا احترام کریں گے، مفتی عبدالشکور

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) وزارت مذہبی امور و بین المذاہب ہم آہنگی، اسلام آباد کے کمیٹی روم میں اسلام آباد/ راولپنڈی کے مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے ممتاز علماء کرام و مشائخ عظام، خطباء و مذہبی شخصیات کا نمائندہ اجلاس محرم الحرام 1444ھ کے حوالے سے وفاقی وزیر مذہبی امور جناب مفتی عبدالشکور صاحب کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اس اجلاس میں اس امر پر غور کیا گیا کہ کس طرح محرم الحرام کے مہینے میں امن و امان کی صورتحال کو خراب ہونے سے بچایا جائے۔ نیز محرم الحرام کی تقریبات کے دوران کرونا وائرس سے متعلق حکومت پاکستان کی طرف سے جاری کردہ SOPs پر عملدرآمد کو یقینی بنایا جائے۔

راولپنڈی، پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن، 35 بھکاری گرفتار

راولپنڈی (این این آئی) راولپنڈی پولیس کا پیشہ ور بھکاریوں کے خلاف کریک ڈاؤن جاری ہے، پولیس نے 35 بھکاریوں کو گرفتار کر کے شہر کے مختلف تھانوں میں بند کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق ایس ایس پی آپریشنز وسیم ریاض خان کے احکامات (بقیہ نمبر 29)

بجلی کی پیداوار دو گنا ہو گئی، بلوں میں کمی کا امکان

اسلام آباد (بیورو چیف) دریاؤں میں سیلابی پانی سے پن بجلی کی پیداوار تقریباً دگنا ہو کر 40 فیصد تک پہنچ گئی۔ اس وقت پانی سے بجلی کی پیداوار 7ہزار 796 میگا واٹ ہے جس کے باعث ستمبر کے بلوں میں کمی کا امکان ہے۔ واپڈا ذرائع کے مطابق اس(بقیہ نمبر 30)

میونسپل کمیٹی خان گڑھ عوامی کی سہولت کے لئے بنایا جانے والا صاف پانی کا اکلوتا واٹر پلانٹ عرصہ دراز سے بند

مظفر گڑھ (طارق عزیز) میونسپل کمیٹی خان گڑھ عوامی کی سہولت کے لئے بنایا جانے والا صاف پانی کا اکلوتا واٹر پلانٹ عرصہ دراز سے بند، آپریٹر گھر بیٹھ کر تنخواہ لینے لگا۔ آپریٹر کے غائب ہونے سے نشیوں کے ڈیرے، واٹر پلانٹ کی حدود میں ایک لاوارث(بقیہ نمبر 31)

حبیب آباد چونیاں روڈ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ شکار

جگہ جگہ گہرے کھڈے پڑنے سے حادثات میں اضافہ۔ ٹریفک کی روانی متاثر

حبیب آباد (رشید احمد نعیم) حبیب آباد چونیاں روڈ عرصہ دراز سے ٹوٹ پھوٹ شکار۔ جگہ جگہ گہرے کھڈے پڑنے سے حادثات میں اضافہ۔ ٹریفک کی روانی متاثر۔ کاروباری نظام معطل۔ علاقہ مکینوں اور راہ گیروں کو گزرنے میں شدید مشکلات کا سامنا۔ عوام سراپا احتجاج۔ تفصیلات کے مطابق حبیب آباد چونیاں روڈ عرصہ دراز سے ٹوٹ (بقیہ نمبر 23)

زیادہ ٹیکس وصولی، مزید اضافے کیلئے نادرا سے مدد طلب

جولائی میں 443 ارب کا ہدف تھا، 458 ارب کے محصولات اکھٹے کیے گئے، رپورٹ

ٹیکس نیٹ بڑھانے کے لیے غیر ملکی دوروں، مہنگی گاڑیوں، جائداد کی خریداری کا ریکارڈ چیک کیا جائے گا

اسلام آباد(این این آئی) رواں مالی سال کے پہلے ماہ میں فیڈرل بیورو آف ریونیو (ایف بی آر) کے محصولات میں 10 فیصد کا اضافہ ہو گیا۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق ماہ جولائی میں 458ارب روپے کے محصولات اکھٹے کیے گئے جب کہ اس سلسلے میں ایف بی آر نے مالی سال کے پہلے ماہ جولائی کے لیے 443 ارب روپے محصولات کا ہدف رکھا تھا۔ گزشتہ مالی سال کے مقابلے میں رواں مالی سال کے پہلے مہینے جولائی میں اکٹھے ہونے والے محصولات میں اضافہ 10 فیصد ریکارڈ ہوا ہے۔ اعلامیے میں مزید بتایا گیا ہے کہ پاکستان کسٹمز نے 67ارب روپے کے محصولات اکھٹے کیے۔ رواں مالی سال انکم ٹیکس گوشوارے جمع کرانے والوں کی تعداد (بقیہ نمبر 24)

بھارت سے پانی کا ریلا آنے پر پاکستانی دریاؤں اور نالوں میں ہلچل

جھنگ (نامہ نگار) بھارت کی جانب سے چھوڑے گئے پانی سے دریائے راوی، دریائے اوج، نالہ بئیں، نالہ ڈیک اور نالہ بسنتر بھر گئے جس سے کئی دیہات اور سیکڑوں ایکڑ پر کاشت چاول کی فصل ڈوب گئی۔ بہاولپور اور جھنگ کے قریب دریائے چناب میں نچلے درجے کا سیلاب ہے جبکہ جھنگ میں 50 دیہات اور ہزاروں ایکڑ پر کھڑی فصلیں سیلابی پانی کی زد میں آ گئیں۔ گاج ندی میں طغیانی کے بعد کا چھو کے زیر آب علاقوں کا ایک ہفتہ بعد بھی زمینی رابطہ بحال نہ ہو سکا۔ دریائے سندھ میں بھی پانی کی سطح میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے،

راولپنڈی، ویسٹریج پولیس کی کارروائی

سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان گرفتار، مسروقہ رقم اور اسلحہ معہ ایمونیشن برآمد

راولپنڈی (این این آئی) ویسٹریج پولیس نے کارروائی کرتے ہوئے سٹریٹ کرائم کی وارداتوں میں ملوث 2 ملزمان گرفتار کر کے مسروقہ رقم 8 ہزار روپے (بقیہ نمبر 25)

جنڈ خانزادہ کا گاؤں پوٹھ کشمیریاں بنیادی سہولیات سے محروم

حکام بالا اور سیاسی پردھانوں سے بارہا اپیل کی جا چکی ہیں مگر کہیں سے شنوائی نہیں ہو سکی

چکوال (راجہ افتخار سے) یونین کونسل جنڈ خانزادہ کا گاؤں پوٹھ کشمیریاں دور جدید میں بھی بنیادی سہولیات سے محروم گیس اور پکی سڑکوں کا دور دور تک نام و نشان نہیں علاقہ مکین کسی محسن چکوال کسی شہنشاہ اعزازات کسی شہنشاہ تعمیرات کی نظر کرم کے منتظر تفصیلات کے مطابق حالیہ مون سون بارشوں سے پوٹھ کشمیریاں کی جانب جانے والا راستہ بارشی پانی میں (بقیہ نمبر 26)

مالی سال کا پہلا ماہ، برآمدات میں 25فیصد کمی

اسلام آباد (بیورو چیف) پاکستان کی برآمدات سرکاری دعوؤں کے برخلاف رواں مالی سال کے پہلے مہینے میں 25 فیصد کم رہیں۔ جولائی 2022 میں برآمدات کا حجم دو ارب 18 کروڑ 20 لاکھ ڈالرز رہا جبکہ گزشتہ جون میں دو ارب 90 کروڑ ڈالرز کی برآمدات ہوئیں اس طرح تقابلی جائزے سے برآمدات میں 71 کروڑ 80 لاکھ ڈالرز کی کمی واقع ہوئی۔ ملکی اقتصادیات سے متعلق ایک اعلی سرکاری افسر کے مطابق ایسے بھی اشارے ہیں کہ سی پی آئی کی بنیاد مہنگائی اور افراط زر کی شرح میں اضافہ ہو رہا ہے اور ماہانہ کی بنیاد پر افراط زر 25 فیصد تک جا پہنچا ہے۔